www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 1 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

نوٹ!معزز اساتذہ کرام سے گزارش ہے کہ قرآنی قاعدہ کا نصاب مکمل کروانے کے بعد اسے شروع کروائیں۔

ناظرة القرآن

بقرة آیت 1 تا بقرةآیت 29 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

57	سوتے وقت کی دعا(آیۃ الکرسی):	اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ، لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
58	سوتے وقت کی دوسری دعا:	بِاسْمِكَ اللّٰھُمَّ اَمُوْتُ وَاَحْیَا
59	سوتے وقت کی تیسری دعا:	بِاسْمِكَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِكَ اَرْفَعُہٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْھَا وَاِنْ اَرْسَلْتَھَا فَاحْفَظْھَا بِمَا تَحْفَظُ بِہٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ
60	رات کو کروٹ بدلنے کی دعا:	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ
61	نیند میں گھبراہٹ یا وحشت کی دعا:	أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ، وَشَرِّ عِبَادِہٖ، وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَأَنْ یَّحْضُرُوْنَ
62	نیند نہ آنے پر کون سی دعا پڑھی جائے؟	اَللّٰھُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَھَدَأَتِ الْعُیُوْنُ وَاَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ، لَا تَاْخُذُكَ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ، یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَھْدِءْ لَیْلِیْ وَاَنِمْ عَیْنِیْ

دوسرا ہفتہ/ھدیة الاطفال

37	فرض نمازوں کے نام کیا ہیں؟	فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء۔
38	ہر نماز کی فرض رکعتیں کتنی ہیں؟	فجر: دو رکعتیں، ظہر: چار رکعتیں، عصر: چار رکعتیں، مغرب: تین رکعتیں، عشاء: چار رکعتیں۔
39	سنت مؤکدہ کسے کہتے ہیں؟	ہر نماز کی فرض رکعتوں کے علاوہ جو رکعتیں پابندی سے ادا کرنی چاہئیں، انہیں سنت مؤکدہ کہتے ہیں۔
40	سنت مؤکدہ کی تعداد کتنی ہے؟	یہ بارہ ہیں: نماز فجر سے پہلے دو رکعتیں، نماز ظہر سے پہلے چار اور بعد میں دو رکعتیں، نماز مغرب کے بعد دو رکعتیں اور نماز عشاء کے بعد دو رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں۔
41	کیا مردوں کے لیے مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنا فرض ہے؟	جی ہاں، مردوں کے لیے مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنا فرض ہے۔
42	باجماعت نماز کا کتنا ثواب ہے؟	تنہا نماز پڑھنے کے مقابلے میں باجماعت نماز کا ستائیس گنا زیادہ ثواب ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول اللہ ﷺ

37	سب سے بہتر کون لوگ ہیں؟	خَیْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَہٗ	تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن کریم سیکھتے، اور دوسروں کو سکھاتے ہیں۔
38	علم حاصل کرنا کیسا ہے؟	طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ	علم حاصل کرنا، ہر مسلمان پر فرض ہے۔
39	اچھے کام کی طرف رہنمائی کا کیا فائدہ ہے؟	مَنْ دَلَّ عَلٰی خَیْرٍ فَلَہٗ مِثْلُ اَجْرِ فَاعِلِہٖ	جس نے کسی خیر کے کام کی رہنمائی کی، اسے نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔
40	مسلمانوں پر ہتھیار اٹھانے والا کون ہے؟	مَنْ حَمَلَ عَلَیْنَا السِّلَاحَ فَلَیْسَ مِنَّا	جو ہم پر ہتھیار اٹھائے، اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔
41	لوگوں کو دعوت دین دینے کا کیا طریقہ ہے؟	یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا	آسانی کرو، تنگی نہ کرو، (اللہ کے فضل وعطا کی) خوشخبری دو، اور (صرف عذاب کا ذکر کرکے) لوگوں کو متنفر نہ کرو۔
42	تواضع وانکسار کا کیا فائدہ ہے؟	مَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰہِ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ	جو شخص اللہ کی خاطر تواضع وانکساری اختیار کرتا ہے، اللہ اسے ضرور اونچا کر دیتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

چوتھاہفتہ/تجوید

37	تجوید کالغوی معنی بیان کریں؟	عمدہ کرنا/اچھا کرنا۔
38	تجوید کااصطلاحی معنی بیان کریں؟	ہر حرف کواس کے مخرج سے تمام صفات (لازمہ وعارضہ) کے ساتھ ادا کرنا۔
39	تجوید کاموضوع کیاہے؟	حروف تہجی اور قرآنی کلمات ہیں۔
40	تجوید کامقصد کیاہے؟	حروف تہجی کی صحیح ادائیگی کی مہارت حاصل کرنا۔
41	تجوید کاحکم کیاہے؟	علمِ تجوید کاسیکھنافرضِ کفایہ ہے، لیکن اس کے مطابق تلاوت کرنافرضِ عین ہے۔
42	تجوید کافائدہ کیاہے؟	اس کافائدہ رضائے الٰہی اور دونوں جہانوں میں کامیابی حاصل کرناہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

37	سب سے پہلے کون سی وحی نازل ہوئی؟	سورہ 'العلق' کی ابتدائی پانچ آیات۔
38	دوسری وحی کون سی نازل ہوئی؟	سورہ 'اَلْمُدَّثِّرْ' کی ابتدائی آیات۔
39	سب سے پہلے آپ ﷺ کی نبوت کااقرار کس نے کیا؟	آپ ﷺ کی پیاری بیوی سیدہ خدیجۃ الکبریٰؓ نے۔
40	نبوت کے بعد آپ ﷺ نے تبلیغ کاآغاز کہاں سے کیا؟	اپنے گھر اور قریبی رشتہ داروں سے۔
41	ابتداء میں دعوت وتبلیغ کاکام کس طرح ہوتا تھا؟	3سال تک چھپ چھپا کر فرداً فرداً۔
42	آپ ﷺ کس جگہ دعوت وتبلیغ کاکام چھپ کر کرتے رہے؟	دارِ ارقم میں جو کوہ صفا پر موجود تھا۔

چھٹا و ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ الماعون (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَرَأَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ، فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ، وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ، فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ، الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ، الَّذِيْنَ هُمْ يُرَاءُوْنَ، وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ

منظوم کلام	تقریر بعنوان جھوٹ سے بچو
صحابہ ہمارے، بڑی شان والے	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔اِنَّ اللهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ
لگاتے ہیں نعرہ، یہ ایمان والے	جھوٹ بول کے کرتا ہے جو مطمئن سب کو----- جھوٹ بول کے وہ خود مطمئن نہیں ہوتا
شریعت کے داعی، وہ امت کے رہبر	سامعینِ محترم!آج ہر طرف فساد برپا ہے۔ ظلم وستم کی آندھیاں چل رہی ہیں۔اَخلاقی اَقدار دم توڑ رہی ہیں۔برائیاں اپنی جڑیں
ابو بکر وفاروق، عثمان وحیدر	مضبوط کر رہی ہیں۔ان سب کا بہت بڑا سبب جھوٹ ہے کیونکہ جھوٹ برائی کا راستہ کھولتا ہے اِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِيْ اِلَى الْفُجُوْرِ۔
حدیثوں کے راوی، وہ قرآن والے	جھوٹ بے چینی کو فروغ دیتا ہے اَلْكِذْبُ رِيْبَةٌ۔ جھوٹ منافقت کو عام کرتا ہے اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثَةٌ: اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ۔ جھوٹ سے
صحابہ ہمارے، بڑی شان والے	بے اعتمادی کی فضا قائم ہوتی ہے۔ جھوٹ سے فریب اور دھوکہ دہی کے پنجے مضبوط ہوتے ہیں۔ جھوٹ سے عداوت کو فروغ
جو تھے دن کو صائم، توراتوں میں قائم	ملتا ہے۔ جھوٹ کافروں کا شیوہ ہے۔ جھوٹ مشرکین کی خصلت ہے۔ جھوٹ فرعون کی پہچان ہے۔ جھوٹ ہامان کا وتیرہ ہے۔
قدم جن کے ثابت، نشاں جن کے دائم	جھوٹ ابوجہل کی جہالت ہے۔ جھوٹ ابولہب کی شرارت ہے۔اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم جھوٹ سے بچیں۔اگر کوئی جج ہے
وہ اللہ والے، وہ رحمان والے	تووہ اپنی عدالتوں کو جھوٹ سے پاک کرے۔اگر کوئی استاذ ہے تووہ اسکول سے جھوٹ کا خاتمہ کرے۔اگر کوئی گھر کا سربراہ ہے
صحابہ ہمارے، بڑی شان والے	تووہ گھر سے جھوٹ کا قلع قمع کرے۔اگر کوئی فیکٹری مالک ہے تووہ فیکٹری سے جھوٹ کا صفایا کرے۔اس طرح جھوٹ ختم
محبت کے پیکر وفا کرنے والے	ہو جائے گا اور معاشرہ پھر سے امن وسکون کا گہوارہ بن جائے گا۔
وہ محبوب پر جاں فدا کرنے والے	کھلا ہے جھوٹ کا بازار، آؤ سچ بولیں-----کرو سب کو تیار، آؤ سچ بولیں
تھے وعدوں کے سچے، وہ پیمان والے	سکوت چھایا ہے، انسانیت کی قدروں پر-----یہی ہے موقع اظہار، آؤ سچ بولیں
صحابہ ہمارے، بڑی شان والے	وماعلینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

7	بچوں کو سونے کے آداب سکھائے جائیں۔	8	بچوں کو نیند سے بیدار ہونے کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرۃ القرآن

سمسٹر نمبر 2 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرۃ القرآن

بقرۃ آیت 30 تا بقرۃآیت 86 تک

پہلاہفتہ/ادعیہ مسنونہ

63	نیند سے بیدار ہونے کی دعا:	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا، وَإِلَیْهِ النُّشُوْرُ
64	سجدہ تلاوت کی دعا:	سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ، وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ
65	قنوت وتر کی دعا کیا ہے؟	اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ فِیْمَنْ هَدَیْتَ، وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ، وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ، وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا أَعْطَیْتَ، وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْكَ، إِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ، وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ
66	وتروں کے بعد کی دعا:	سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ (3مرتبہ) رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ (1مرتبہ)
67	قنوتِ نازلہ:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَأَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِكَ وَیُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَیُقَاتِلُوْنَ أَوْلِیَاءَكَ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَیْنَ كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ أَقْدَامَهُمْ وَأَنْزِلْ بِهِمْ بَأْسَكَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ
68	اذان کے بعد کی دعا:	اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

43	نفل نماز سے کیا مراد ہے؟	فرض نماز کے علاوہ ہر نماز نفل ہے۔
44	نفل نماز کے لیے کون سی جگہ بہتر ہے؟	نفل نماز گھر میں پڑھنا بہتر ہے۔
45	نماز کس وقت ادا کرنی چاہیے؟	چار نمازوں کو اول وقت میں ادا کرنا چاہیے، البتہ عشاء کی نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ تاخیر سے پڑھنا بہتر ہے۔
46	نماز فجر کا وقت کیا ہے؟	صبح صادق کے طلوع ہوتے ہی نماز فجر کا وقت شروع ہو جاتا ہے اور سورج نکلنے سے پہلے تک باقی رہتا ہے۔
47	نماز ظہر کا وقت کیا ہے؟	سورج ڈھلنے کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ اور ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہونے تک ظہر کا وقت رہتا ہے۔
48	نماز عصر کا وقت کیا ہے؟	جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو جائے، تب سے شروع ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے تک نماز عصر کا وقت رہتا ہے۔ دھوپ زرد ہونے کے بعد مکروہ وقت شروع ہوتا ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

43	قیامت کے دن اندھیروں کا سبب کیا ہو گا؟	إِتَّقُوْا الظُّلْمَ فَإِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ یَّوْمَ الْقِیَامَةِ	ظلم سے بچو، کیونکہ ظلم قیامت کے دن اندھیروں کا سبب بنے گا۔
44	حقیقی مومن کون ہے؟	لَا یُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِأَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ	تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے وہی کچھ پسند نہ کرے، جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔
45	انسان کے اسلام کی خوبی کیا ہے؟	مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا یَعْنِیْهِ	یہ بھی انسان کے اسلام کی خوبی ہے کہ جس معاملے سے اس کا تعلق نہیں اسے چھوڑ دے، یعنی فضول کاموں میں نہ پڑے۔
46	اللہ کی مدد کس طرح حاصل کی جاسکتی ہے؟	وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ أَخِیْهِ	اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتا رہتا ہے، جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے۔
47	مسلمان اور کافر میں فرق کیا ہے؟	بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ	مومن اور کافر کے درمیان بنیادی فرق، نماز چھوڑنے کا ہے۔
48	چھینک کا جواب کب دیا جائے؟	إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتُوْهُ	جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے، اور وہ الحمدللہ کہے، تو اسے یرحمك اللہ کہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

43	علمِ تجوید کی فضیلت کیا ہے؟	یہ افضل ترین علوم میں سے ہے کیونکہ اس کا تعلق قرآن مجید کے ساتھ ہے۔
44	قرآن مجید کو تجوید سے پڑھنے کی حدیث سے کوئی دلیل ذکر کریں؟	اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ یُّقْرَءَ کُلُّ رَجُلٍ مِّنْکُمْ کَمَا عُلِّمَ
45	کیا قرآن مجید کو خوش الحانی سے پڑھنا ضروری ہے؟	جی ہاں خوش الحانی سے پڑھنا ضروری ہے جیسا کہ ارشاد نبوی ﷺ ہے مَنْ لَّمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ لَیْسَ مِنَّا۔
46	ارکانِ تجوید کتنے ہیں؟	تجوید کے چار ارکان ہیں: 1. مخارجِ حروف کی پہچان، 2. صفات حروف کی پہچان، 3. تجوید کے تمام قواعد کی پہچان، 4. زبان کو حروف کی صحیح ادائیگی کا عادی بنانا
47	لحن کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟	لحن کا لغوی معنیٰ "غلطی کرنا"
48	لحن کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟	قرآن مجید کو قواعدِ تجوید کے خلاف پڑھنا۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

43	مکہ میں آپ ﷺ کتنے سال دعوت و تبلیغ کا کام کرتے رہے؟	آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ میں تقریباً 13 سال تک دعوت و تبلیغ کا کام کیا۔
44	مردوں میں سب سے پہلے اسلام کس نے قبول کیا؟	مردوں میں سب سے پہلے سیدنا ابو بکر صدیقؓ نے اسلام قبول کیا۔
45	نوعمر لڑکوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟	آپ ﷺ کے چچازاد بھائی سیدنا علیؓ نے۔
46	غلاموں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟	سیدہ خدیجہؓ کے آزاد کردہ غلام سیدنا زید بن حارثہؓ نے۔
47	آپ ﷺ نے اعلانیہ تبلیغ کہاں سے شروع کی؟	کوہ صفا پر چڑھ کر۔
48	تبلیغ کرنے پر لوگوں نے کیسا سلوک کیا؟	مکہ والوں نے انتہائی برا سلوک کیا حتیٰ کہ مسلمان مکہ چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ القریش (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ، اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ، فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ، الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ

منظوم کلام	تقریر بعنوان تواضع میں عزت ہے۔
یارب یہ تمام ارض و سما تیرے لیے ہیں یہ بحر و بر و ہوا تیرے لیے ہیں میری یہ نمازیں، میرے سجدے، میرے اذکار ہر قسم کی توصیف و ثنا تیرے لیے ہیں یہ عظمت اجلال تجھی کو ہے سزاوار یہ مملکتِ ہر دو سرا تیرے لیے ہیں جینا تیری خاطر میرا مرنا تیری خاطر یعنی یہ بقا اور فنا تیرے لیے ہیں ہے تیرے لیے ہر شجر و برگ کی تسبیح ہر طوطی و بلبل کی نوا تیرے لیے ہے نادم ہے علیم اپنے گناہوں پہ خدایا کر رحم کہ یہ نغمہ سرا تیرے لیے ہیں	نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ۔ تواضع کا طریقہ صاحبو پوچھو صراحی سے ----- کہ جاری فیض بھی ہے اور جھکی جاتی ہے گردن بھی سامعین کرام! جو درخت جتنا جھکا ہوتا ہے، اتنا ہی پھل دار ہوتا ہے۔ یہ قانون فطرت ہے جو جھکتا ہے، اسے پھل ملتا ہے۔ عاجزی سے سربلندی ملتی ہے۔ تواضع سے رفعت و عزت حاصل ہوتی ہے۔ یہ میں نہیں کہتا، اللہ کا پیارا رسول کہتا ہے: مَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ اِلَّا رَفَعَهُ جو بھی اللہ کے لیے جھک جاتا ہے، اللہ کی خاطر تواضع اختیار کر لیتا ہے۔ سلطنت کا بادشاہ ہونے کے باوجود اترا تا نہیں۔ محلات کا مالک ہو کر بھی فخر نہیں کرتا۔ مال و دولت کے انبار ہونے کے باوجود بھی عاجزی کو اپناتا ہے۔ اللہ پھر ایسے شخص کو عزت و سربلندی سے نوازتا ہے۔ جو عاجزی اختیار کرتا ہے، وہ عمدہ اخلاق کا مالک بن جاتا ہے۔ جو تواضع کو اوڑھنا بچھونا بنالیتا ہے، اسے زندگی میں راحتیں ملتی ہیں۔ ہمارے نبی ﷺ تواضع پسند تھے۔ آپ ﷺ سارے نبیوں کے سردار ہونے کے باوجود اپنے جوتے خود ٹھیک کرتے تھے۔ آپ ﷺ اللہ کے محبوب نبی ہونے کے باوجود اہل صفہ کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے۔ ہمارے پیغمبر ﷺ اسلامی لشکر کے سالار ہونے کے باوجود معمولی چٹائی پر سوتے تھے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ لوگوں کے ساتھ نرمی کا معاملہ رکھیں۔ جہاں اللہ کے لیے جھکنے کا موقع آئے وہاں جھک جائیں، اس سے اللہ سربلندیاں عطا فرمائے گا۔ اپنے اخلاق کو رکھ مثلِ شجر بنا کر ----- جو تجھے پتھر مارے تو اسے ثمر عطا کر۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

9	بچوں کو گھر میں داخل ہونے کے آداب سکھائے جائیں۔	10	بچوں کو بازار میں داخل ہونے کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 3 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

بقرة آیت 87 تا بقرةآیت 152 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

69	گھر میں داخل ہونے کی دعا کیا ہے؟	اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللهِ وَلَجْنَا، وَبِسْمِ اللهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا
70	گھر سے نکلنے کی دعا کیا ہے؟	اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ، أَوْ أُضَلَّ، أَوْ أَزِلَّ، أَوْ أُزَلَّ، أَوْ أَظْلِمَ، أَوْ أُظْلَمَ، أَوْ أَجْهَلَ، أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ
71	دوسری دعا	بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔
72	بازار میں داخل ہونے کی دعا کیا ہے؟	لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔
73	عام لباس پہننے کی دعا کیا ہے؟	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ۔
74	نیا لباس پہننے کی دعا کیا ہے؟	اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

49	نماز مغرب کا وقت کیا ہے؟	سورج غروب ہونے سے شفق (سرخی) غروب ہونے تک مغرب کا وقت رہتا ہے۔
50	نماز عشاء کا وقت کیا ہے؟	شفق غروب ہونے سے آدھی رات تک عشاء کا وقت ہوتا ہے۔
51	سُترہ کسے کہتے ہیں؟	سُترہ ہر وہ چیز ہے جسے نمازی اپنے سامنے رکھ لیتا ہے تاکہ نمازی کے آگے سے گزرنے والا سُترے کے آگے سے گزر جائے اور گناہ گار نہ ہو۔
52	سُترہ کتنا اُونچا ہونا چاہیے؟	سُترہ تقریباً سوا فٹ اونچا ہونا چاہیے۔ دیوار اور سُتون کو بھی سُترہ بنایا جاسکتا ہے۔
53	کیا امام کا سُترہ مقتدیوں کے لیے کافی ہے؟	جی ہاں!
54	نماز کے لیے صف بندی کیسے کرنی چاہئے؟	نماز کے لیے صف بندی اس طرح ہونی چاہیے کہ ہر آدمی اپنے جسم کے مطابق پاؤں کھولے اور امام کی جانب ساتھ والے آدمی کے کندھے سے کندھا اور پاؤں سے پاؤں ملا کر کھڑا ہو۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

49	دین میں نئی چیز ایجاد کرنا کیسا عمل ہے؟	مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ فِيْهِ فَهُوَ رَدٌّ	جس نے ہمارے اس امر (دین) میں نیا طریقہ ایجاد کیا، جو حقیقتاً اس میں نہیں ہے تو وہ طریقہ مردود ہے۔
50	مہمان کی مہمان نوازی کے بارے میں حکم نبوی ﷺ کیا ہے؟	مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ	جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اپنے مہمان کی عزت کرے۔
51	اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے کون ہیں؟	أَحَبُّ النَّاسِ إِلَى اللهِ تَعَالٰى أَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ	اللہ تعالیٰ کو سب سے بڑھ کر محبوب بندے وہ ہیں، جو لوگوں کے کام آنے والے ہیں۔
52	عصر کی نماز چھوڑنے کا کیا انجام ہے؟	مَنْ فَاتَتْهُ الْعَصْرُ فَكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهٗ وَمَالَهٗ	جس شخص کی نماز عصر رہ گئی، گویا کہ وہ مال اور عیال سے محروم کر دیا گیا۔
53	مومن کب کلام کرے اور کب خاموش رہے؟	مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ	جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اچھی بات کرے یا چپ رہے۔
54	اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے تو اسے کیا عطا کرتے ہیں؟	مَنْ يُّرِدِ اللهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ	اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے، اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

49	لحن کی کتنی اقسام ہیں اور کون سی ہیں؟	لحن کی دو قسمیں ہیں: 1. لحن جلی 2. لحن خفی۔
50	لحن جلی کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟	واضح اور بڑی غلطی۔
51	لحن جلی کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟	حروف کے مخارج، صفاتِ لازمہ اور حرکات و سکنات میں غلطی کرنا۔
52	لحن جلی کی کتنی قسمیں اور کون سی ہیں؟	لحن جلی کی پانچ قسمیں ہیں: 1. کسی حرف کو دوسرے حرف سے بدل کر پڑھنا، 2. کسی حرف کو اس کی مقدار سے گھٹا کر پڑھنا، 3. کسی حرف کو اس کی اصل مقدار سے بڑھا کر پڑھنا، 4. متحرک حرف کو ساکن اور ساکن حرف کو متحرک پڑھنا، 5. مشدد حرف کو مخفف اور مخفف حرف کو مشدد پڑھنا۔
53	لحن جلی کا حکم کیا ہے؟	لحن جلی کا ارتکاب بالکل حرام ہے، چاہے جان بوجھ کر ہو یا سستی و کاہلی سے، دونوں صورتوں میں گناہ گار ہو گا۔
54	لحن خفی کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟	پوشیدہ اور چھپی ہوئی غلطی۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

49	حالتِ سجدہ میں آپ ﷺ پر اوجھری کس نے ڈالی؟	بدبخت ترین آدمی عقبہ بن ابی معیط نے۔
50	آپ ﷺ کے کندھے سے اوجھری کس نے ہٹائی؟	آپ ﷺ کی پیاری بیٹی فاطمہؓ نے۔
51	پھر آپ ﷺ نے کن لوگوں کے خلاف بددعا کی؟	ابوجہل، عتبہ، شیبہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کے خلاف بددعا کی۔
52	صحابہ کرامؓ نے پہلی ہجرت کس سال کی؟	نبوت کے پانچویں سال رجب کے مہینے میں۔
53	صحابہ کرامؓ نے پہلی ہجرت کس علاقے کی طرف کی؟	حبشہ کی طرف۔
54	پہلی ہجرت حبشہ کے امیر کون تھے؟	سیدنا عثمان بن عفانؓ۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الفیل (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيْلِ، أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ، وَّأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيْلَ، تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ، فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُوْلٍ

منظوم کلام

قرآن و سنت کے پرچم تلے
ہر مسلمان سوئے جنت چلے
قرآن و سنت ہی منشور ہو
قرآن و سنت ہی دستور ہو
ظلمت جہالت کی کافور ہو
ہر دل میں ایمان کا نور ہو
دعوت کے جاری رکھو سلسلے
ہر مسلمان سوئے جنت چلے
اللہ کی توحید کو جانیے
لفظِ رسالت کو پہچانیے
سنت کے شفاف آئینے میں
احکامِ قرآن کو مانیے
سنت کے سانچے میں ہر اک ڈھلے
ہر مسلمان سوئے جنت چلے

تقریر بعنوان خیانت کی مذمت

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ۔ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ

مرا شعار خیانت نہیں امانت ہے----- جسم کٹ تو سکتا ہے مگر بک نہیں سکتا

سامعین کرام! آج ہمارے معاشرے میں بہت سی برائیاں پیدا ہو چکی ہیں۔ ان میں سے ایک بہت بڑی برائی خیانت ہے۔ خیانت کہتے کسے ہیں؟ اللہ کے احکام کے مقابلے میں نفس کی پیروی کا نام خیانت ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کو تسلیم نہ کرنے کا نام خیانت ہے۔ یتیموں اور بیواؤں کا مال ہڑپ کرنے کا نام خیانت ہے۔ لوگوں کے راز فاش کرنے کا نام خیانت ہے۔ ڈیوٹی میں سستی دکھانے کا نام خیانت ہے۔ میاں بیوی کے ایک دوسرے کے راز عام کرنے کا نام خیانت ہے۔ شریعت نے خیانت کی بڑی مذمت کی ہے۔ خیانت کو منافق کی علامت قرار دیا ہے اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ۔ خیانت کرنے والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا اِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا۔ خیانت کرنے والوں کی چالوں کو اللہ کامیاب نہیں ہونے دیتا اِنَّ اللهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَائِنِيْنَ۔ قیامت کے دن خیانت کرنے والوں کے لیے ایک جھنڈا ہو گا جس سے وہ پہچان لیے جائیں گے لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَّوْمَ الْقِيَامَةِ۔ ہمیں ہر طرح کی خیانت سے بچنا چاہیے کیونکہ خیانت سے اعتماد اٹھ جاتا ہے۔ خیانت سے معیشت کمزور ہوتی ہے۔ خیانت سے برائیوں کو فروغ ملتا ہے۔ خیانت سے تعلقات خراب ہوتے ہیں۔ خیانت سے امن و استحکام کو نقصان پہنچتا ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں خیانت جیسی بری عادات سے محفوظ رکھے۔

امانت میں خیانت سے ترقی ہو نہیں سکتی-----برائی جتنی بڑھتی ہے نحوست اتنی آتی ہے

وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

11	بچوں کو کلاس کے آداب سکھائے جائیں۔	12	بچوں کو اساتذہ کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 4 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
بقرة آیت 153 تا بقرةآیت 235 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
75	لباس اتارتے وقت کی دعا:	بِسْمِ اللهِ
76	نیا لباس پہننے والے کو کون سی دعا دی جائے؟	تُبْلِیْ وَیُخْلِفُ اللهُ تَعَالٰی، اِلْبَسْ جَدِیْدًا وَّعِشْ حَمِیْدًا وَّمُتْ شَهِیْدًا۔
77	غصہ کے وقت کی دعا:	أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
78	گھبراہٹ کے وقت کی دعا:	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ
79	جسم میں تکلیف محسوس ہونے کی دعا:	جسم کے جس حصے میں درد ہو، وہاں ہاتھ رکھ کر بِسْمِ اللهِ (3مرتبہ) أَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (7مرتبہ)
80	مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعا:	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
55	تکبیر تحریمہ کیا ہے؟	نماز شروع کرتے وقت اللہ اکبر کہنا، تکبیر تحریمہ ہے۔
56	قیام کسے کہتے ہیں؟	نماز میں کھڑے ہونے کی حالت کو قیام کہتے ہیں۔
57	قیام میں ہاتھ کہاں باندھنے چاہییں؟	قیام میں ہاتھ سینے پر باندھنے چاہییں۔
58	ہاتھ باندھنے کا طریقہ کیا ہے؟	ہاتھ باندھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ یا کلائی پر رکھا جائے یا دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑے۔
59	رکوع کسے کہتے ہیں؟	نماز میں اس انداز سے کمر جھکا لینا کہ سر اور کمر بالکل برابر جھکے ہوئے ہوں۔ اسے رکوع کہتے ہیں۔
60	قومہ کسے کہتے ہیں؟	رکوع کے بعد اطمینان سے سیدھا کھڑے رہنے کو قومہ کہتے ہیں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث		
قال رسول الله ﷺ		
55	چھوٹوں پر رحم اور بڑوں کی عزت نہ کرنے والے کے بارے میں کیا حکم ہے؟	لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا	اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں جس نے ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہ کی اور ہمارے بڑوں کی عزت و شرف کو نہ پہچانا۔
56	کون سا کلمہ پڑھنے پر جنت میں درخت لگتا ہے؟	مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ غُرِسَتْ لَهٗ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ	جس نے یہ کلمہ اپنی زبان سے ادا کیا: سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ، اس کے لیے جنت میں ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔
57	کس شخص کا ایمان اور دین نہیں؟	لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَّا أَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ	جو شخص امانت دار نہیں اس میں کوئی ایمان نہیں، اور جو شخص وعدے کا پابند نہیں اس کا کوئی دین نہیں۔
58	مسلمان، مسلمان کی خیر خواہی کیسے کرے؟	اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ	مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے، نہ اسے (مدد کے وقت بے یارومددگار چھوڑ کر) رسوا کرے، اور نہ اسے حقیر جانے۔
59	افضل ترین عمل کونسا ہے؟	سُئِلَ النَّبِيُّ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ اَلصَّلَاةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا	اللہ کے نبی ﷺ سے سوال کیا گیا: افضل ترین عمل کون سا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نماز کو اول وقت میں ادا کرنا۔
60	اللہ تعالیٰ بندے میں کیا دیکھتے ہیں؟	إِنَّ اللهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَأَعْمَالِكُمْ	اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور تمہارے مالوں کو نہیں دیکھتا، بلکہ تمہارے دلوں اور عملوں کو دیکھتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

55	لحن خفی کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟	تلاوت میں حسن پیدا کرنے والی صفات عارضہ میں غلطی کرنا، جیسے غنہ کی جگہ غنہ نہ کرنا یا جہاں غنہ نہیں کرنا وہاں غنہ کر دینا وغیرہ۔
56	لحن خفی کا حکم کیا ہے؟	جمہور قراء اسے مکروہ جبکہ بعض قراء حرام کہتے ہیں۔
57	تلاوتِ قرآن کے کتنے مراتب ہیں؟	تلاوتِ قرآن کے چار مراتب ہیں: 1 تحقیق 2. ترتیل 3. تدویر 4. حدر
58	تحقیق سے کیا مراد ہے؟	قرآن کی تلاوت انتہائی ٹھہراؤ اور صاف صاف کرنا۔
59	ترتیل سے کیا مراد ہے؟	قرآن کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر کرنا جیسا کہ جلسہ میں تلاوت کی جاتی ہے۔
60	حدر سے کیا مراد ہے؟	قرآن کی تلاوت تھوڑا سا تیز کرنا جیسا کہ تراویح میں پڑھا جاتا ہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

55	پہلی ہجرت حبشہ میں مرد و خواتین کی تعداد کتنی تھی؟	12 مرد اور 4 عورتیں۔
56	دوسری ہجرت حبشہ میں مرد و خواتین کی تعداد کتنی تھی؟	82 مرد اور 18 عورتیں۔
57	دوسری ہجرت حبشہ کے ترجمان کون تھے؟	سیدنا جعفر بن ابی طالبؓ۔
58	اس وقت حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟	اَصْحَمَہ نجاشی۔
59	حبشہ کے بادشاہ کی کیا خصوصیت تھی؟	حبشہ کا بادشاہ انصاف پسند مانا جاتا تھا۔
60	دربارِ حبشہ میں کس نے تقریر کی؟	سیدنا جعفر طیارؓ نے سورۃ مریم تلاوت کر کے تقریر کی۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الھمزۃ (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ، الَّذِىْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ، يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهٗ أَخْلَدَهٗ، كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ، وَمَا أَدْرٰكَ مَا الْحُطَمَةُ، نَارُ اللهِ الْمُوْقَدَةُ، الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْـِٕدَةِ، إِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ، فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ

منظوم کلام	تقریر بعنوان نماز کے فوائد
یارب! مجھے دل ایسا اور ایسا داغ دے جو تیری ذاتِ قدس کا کامل سراغ دے دنیا میں مجھ حقیر کو عزت نصیب کر عقبیٰ میں مجھ فقیر کو جنت کا باغ دے ہر ماسوا کا داغ مرے دل سے دور کر اس دل کو صرف اپنی محبت کا داغ دے جو آخرت میں میرے لیے روشنی کرے تو اپنی مغفرت کا مجھے وہ چراغ دے تیرے علاوہ تیرے نبی سے ہو مجھ کو پیار اوروں کی یاد سے مرے دل کو فراغ دے پروردگار! حشر کو تشنہ نہ میں رہوں کوثر کے چشمۂ ابدی کا ایاغ دے بزمیؔ سے تیری حمد و ثنا کو فروغ ہو اِس کی زباں کو قوتِ نُطق و بلاغ دے	نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ بے قراروں کے لیے لاریب ہے نماز-----داغ سب دل سے مٹاتی ہے نماز سامعین کرام! اسلام کی یہ خوبی ہے کہ اس کا ہر حکم بے شمار فائدے رکھتا ہے۔ کوئی بھی حکم ثمرات سے خالی نہیں ہوتا۔ نماز اسلام کا بہت اہم رکن ہے، پھر یہ فوائد سے کس طرح خالی ہو سکتا ہے۔ جب ایک بندہ نماز کی پابندی کرتا ہے۔ دن میں پانچ بار اپنے مالک کے حضور جھکنے کو اپنا شیوہ بنالیتا ہے۔ نماز کی فکر کو دامن گیر رکھتا ہے تو اسے بے شمار فائدے ملتے ہیں۔ نماز بے چینیوں کو ختم کر کے راحت پہنچاتی ہے۔ يَابِلَالُ اَقِمِ الصَّلَاةَ اَرِحْنَا بِهَا۔ نماز تمام مشکلات کو دور کرتی ہے اِذَا حَزَبَهٗ اَمْرٌ صَلّٰى۔ نماز اللہ اور بندے کے درمیان رابطہ قائم کرتی ہے فَاِنَّهٗ يُنَاجِيْ رَبَّهٗ۔ نماز آدمی کو گناہوں سے پاک کر دیتی ہے غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ نماز آدمی کو فحش و منکرات سے روکتی ہے اِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ۔ نماز آدمی کو اللہ کے قریب کرتی ہے كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ۔ نماز آدمی کے لیے کامیابی کا ذریعہ ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى۔ آج فکری گمراہیوں کا چلن عام ہے۔ ہر طرف بے چینی کی کیفیت طاری ہے۔ برائیوں کا دور دورہ ہے۔ فحاشی اور عریانی دندناتی پھر رہی ہے۔ مصائب گلے کا طوق بن چکے ہیں۔ ایسے حالات سے بچنے اور برائیوں کے اثرات سے محفوظ رہنے کا بہترین ذریعہ نماز ہی ہے۔ اس لیے اپنے اللہ سے پختہ وعدہ کریں کہ ہم کبھی نماز نہیں چھوڑیں گے۔ باجماعت نماز پڑھنے کا اہتمام کریں گے اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیں گے۔ اے میرے ہم سخن وفا کا تقاضہ ہے اب یہی-----ادھر حکم نماز ہو، ادھر سجدوں میں سر جھکیں وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوھرائی

13	بچوں کو والدین کے حقوق و فرائض سے آگاہ کریں۔	14	بچوں کو اولاد کے حقوق و فرائض سے آگاہ کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 5 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
بقرة آیت 236 تا آل عمران آیت 20 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
81	بیمار پرسی کے وقت مریض کے لیے دعا:	لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَآءَ اللهُ
82	بیمار پرسی کی دوسری دعا:	أَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ
83	زندگی سے ناامید مریض کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلٰى
84	زندگی سے ناامید مریض کی دوسری دعا:	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ
85	قریب الموت کو کن الفاظ سے تلقین کی جائے؟	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ
86	میت کی آنکھیں بند کرتے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِفُلَانٍ وَّارْفَعْ دَرَجَتَهٗ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهٖ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ وَنَوِّرْ لَهٗ فِيْهِ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
61	سجدہ کسے کہتے ہیں؟	نماز میں سات اعضاء زمین (وغیرہ) پر رکھنے کو سجدہ کہتے ہیں۔ وہ سات اعضاء یہ ہیں: ناک، پیشانی، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں۔
62	جلسہ کسے کہتے ہیں؟	نماز میں دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔
63	جلسے میں بیٹھنے کا طریقہ کیا ہے؟	جلسے میں بیٹھنے کے دو طریقے ہیں بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھیں اور دایاں پاؤں کھڑا رکھیں یا دونوں پاؤں کھڑے کر کے ایڑیوں پر بیٹھ جائیں۔
64	جلسہ استراحت کسے کہتے ہیں؟	پہلی اور تیسری رکعت پڑھ کر کھڑے ہونے سے پہلے کچھ دیر بیٹھنے کو جلسہ استراحت کہتے ہیں۔
65	تشہد کسے کہتے ہیں؟	نماز میں دو سجدوں کے بعد بیٹھ کر التحیات للہ سے عبدہ و رسولہ تک کی مخصوص دعا پڑھنا تشہد کہلاتا ہے۔
66	نماز کے اختتام کا طریقہ کیا ہے؟	نماز کے اختتام کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دائیں جانب السلام علیکم و رحمۃ اللہ کہہ کر سلام پھیریں، پھر بائیں جانب۔

تیسرا ہفتہ/احادیث			
قال رسول الله ﷺ			
61	مسواک کے فائدے بیان کریں؟	اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ	مسواک منہ کی صفائی اور اللہ کی رضامندی حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔
62	کونسی چیز شیطان کا باجا ہے؟	اَلْجَرَسُ مَزَامِيْرُ الشَّيْطَانِ	گھنٹی شیطان کے باجے ہیں۔
63	گناہ کسے کہتے ہیں؟	اَلْإِثْمُ مَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ	جو چیز تیرے دل میں کھٹکا پیدا کرے اور تو ناپسند کرے کہ لوگوں کو اس کا علم ہو، وہ گناہ ہے۔
64	حقیقی مسلمان کون ہے؟	اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ	حقیقی مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔
65	حقیقی مہاجر کون ہے؟	اَلْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللهُ عَنْهُ	حقیقی مہاجر وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی منع کردہ چیزوں کو چھوڑ دے۔
66	اللہ کے نزدیک پسندیدہ عمل کون سا ہے؟	أَحَبُّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ تَعَالٰى أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ	اللہ کے نزدیک پسندیدہ عمل وہ ہے جو ہمیشہ کیا جائے چاہے وہ تھوڑا ہی ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید		
61	تدویر سے کیا مراد ہے؟	قرآن کی تلاوت (حدر اور ترتیل کی) درمیانی کیفیت سے کرنا جیسا کہ بالعموم جہری نمازوں میں پڑھا جاتا ہے۔
62	قرآن کی تلاوت کرنے کے کتنے طریقے ہیں؟	قرآن کی تلاوت کی ابتدا کے 3 طریقے ہیں۔ 1. آغازِ سورت سے تلاوت، 2. درمیانِ سورت سے تلاوت، 3. دورانِ تلاوت کسی سورت کی ابتدا ہو جائے۔
63	تلاوت کا آغاز سورت کی ابتدا سے ہو تو کیا پڑھنا چاہیے؟	استعاذہ اور بسملہ دونوں ضروری ہیں۔
64	تلاوت کا آغاز سورت کے درمیان سے ہو تو کیا پڑھنا چاہیے؟	استعاذہ ضروری ہے اور بسملہ میں اختیار ہے۔
65	دورانِ تلاوت کسی سورت کی ابتدا ہو تو کیا پڑھنا چاہیے؟	صرف بسملہ ضروری ہے۔
66	سورۃ توبہ سے تلاوت کی ابتدا ہو تو کیا پڑھنا چاہیے؟	صرف استعاذہ پڑھنا چاہیے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ		
61	اصحمہ نجاشی پر تقریر کا کیا اثر ہوا؟	وہ زار و قطار رونے لگا۔ تقریر کی تصدیق کی اور مسلمان مہاجرین کو واپس کرنے سے انکار کر دیا۔
62	آپ ﷺ پر غم کا سال کب آیا؟	نبوت کے دسویں سال جب ابو طالب اور حضرت خدیجہؓ کی وفات ہوئی، تو یہ سال غم کا سال کہلایا۔
63	سیدہ خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپ ﷺ نے کس سے شادی کی؟	سیدہ سودہ بنتِ زمعہؓ سے۔
64	آپ ﷺ دعوت کے لیے طائف کب تشریف لے گئے؟	آپ ﷺ نبوت کے دسویں سال شوال میں طائف گئے۔
65	طائف کہاں واقع ہے؟	مکہ سے تقریباً ساٹھ میل دور مشرق میں واقع ہے۔
66	آپ ﷺ کے ساتھ طائف میں اور کون تھا؟	آپ ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے آزاد کردہ غلام سیدنا زید بن حارثہؓ تھے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃالعصر (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ، إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ، إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

منظوم کلام	تقریر طہارت نصف ایمان ہے
اف یوں ہو توہین محمد اور پھر ملک ہمارا ہو کیوں جگر نہ ہو ٹکڑے ٹکڑے اور دل پارہ پارہ ہو اف یوں ہو توہین محمد اور پھر ملک ہمارا ہو صبر کی حد ہوتی ہے آخر کب تک صبر کریں اس بے شرمی کے جینے سے بہتر ہے ہم ڈوب مریں اف یوں ہو توہین محمد اور پھر ملک ہمارا ہو قید ہو یا دار کا تختہ جو گزرے گی جھیلیں گے نام پہ اپنے آقا کے جان کی بازی کھیلیں گے اف یوں ہو توہین محمد اور پھر ملک ہمارا ہو ان کو بڑھ کر جان سے چاہنا کر مال و ملک سے پیارا ہے ان سے محبت کامل ایماں یہ ایمان ہمارا ہے ہاں! اب ہم سے صبر نہ ہو گا لاکھ کہیں غدار ہیں ہم یا مانیں یا جان ہے حاضر جینے سے بیزار ہیں ہم	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ہر طرف گندگی کا ہے میلہ لگا ہوا-----اٹھو پاکیزگی کو دنیا میں عام کر دو محترم حضرات! صحت مند معاشرہ، صحت مند افراد سے تشکیل پاتا ہے اور صحت مند ملک، صحت مند معاشرے سے وجود پذیر ہوتا ہے۔ اس لیے اسلام نے صفائی پہ بہت زور دیا ہے۔ اسلام زندگی کے ہر میدان میں صفائی کی ترغیب دلاتا ہے۔ صرف نہانے دھونے کا نام صفائی نہیں بلکہ عقیدے کو شرک سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ اخلاق کو بری عادات سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ زبان کو گالم گلوچ سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ کپڑوں کو گندگی سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ مسجد کو نجاست سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ گھروں کو آلودگی سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ فکر کو گمراہی سے پاک کرنے کا نام بھی طہارت ہے۔ اس کی فضیلت کیا ہے؟ طہارت نصف ایمان ہے اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ۔ پاکیزگی نماز کی چابی ہے مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ اَلطُّهُوْرُ۔ صفائی اللہ کو پسند ہے اِنَّ اللهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ۔ پاک صاف رہنے والے اللہ کے محبوب ہیں۔ وَاللهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ۔ طہارت اسلام کا حکم ہے وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ۔ طہارت کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ۔ طہارت فرشتوں کی صفت ہے لَا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ۔ اگر آپ بھی اللہ کے محبوب بننا چاہتے ہیں تو صفائی کا اہتمام کریں اور ہر قسم کی نجاست سے دور رہیں۔ صاف ستھرے کپڑے پہنیں اور خوشبو کا اہتمام کریں۔ صفائی کو رکھو ہمیشہ عزیز----- کبھی ہو نہ میلی کوئی بھی چیز۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی			
15	بچوں کو سلام کرنے کے آداب سکھائے جائیں۔	16	بچوں کو بڑوں کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 6 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

آل عمران آیت 21 تا آل عمران مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ(نماز جنازہ کا طریقہ)

87	پہلی تکبیر:	اللہ اکبر کے بعد سورۃ الفاتحہ اور کوئی ایک سورت پڑھی جائے
88	دوسری تکبیر:	دوسری تکبیر کے بعد درودِ ابراہیمی پڑھا جائے جو نماز میں پڑھا جاتا ہے۔
	تیسری تکبیر:	تیسری تکبیر کے بعد میت کی مغفرت کے لیے درج ذیل دعائیں پڑھی جائیں۔
89	پہلی دعا:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا. اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ، وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ
90	دوسری دعا:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ، وَاعْفُ عَنْهُ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهِ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِّنْ أَهْلِهِ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ [وَعَذَابِ النَّارِ]
91	تیسری دعا:	اَللّٰهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ، وَحَبْلِ جَوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ
92	چوتھی تکبیر:	چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیا جائے۔

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

67	سلام پھیرنے کے بعد نمازی کیا کرے؟	سلام پھیرنے کے بعد نمازی ایک دفعہ بلند آواز سے اللہ اکبر کہے، پھر آہستہ آواز سے تین بار استغفر اللہ پڑھے، پھر باقی مسنون اذکار میں مشغول رہے۔
68	نماز کس طرح پڑھنی چاہیے؟	نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:" نماز اس طرح پڑھو جس طرح تم نے مجھے پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔"
69	نبی کریم ﷺ کس طرح نماز پڑھتے تھے؟	(عملی طریقہ سکھائیں)
70	نماز تہجد کسے کہتے ہیں؟	نماز عشاء کے بعد رات کے کسی بھی حصے میں جو نفل پڑھے جاتے ہیں، انھیں نماز تہجد کہتے ہیں۔
71	نمازِ تراویح کسے کہتے ہیں؟	رمضان المبارک میں مسلمان نمازِ عشاء کے بعد جو نوافل، مسجد میں باجماعت یا رات گئے گھروں میں پڑھتے ہیں، انہیں نمازِ تراویح کہا جاتا ہے۔ اور یہی نمازِ تہجد ہے۔
72	نمازِ تراویح کی کتنی رکعتیں ہیں؟	آٹھ رکعتیں نمازِ تراویح اور تین رکعتیں وتر۔ کل گیارہ رکعتیں ہیں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث(قال رسول الله ﷺ)

67	خوشخبری کس کے لیے ہے؟	طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهِ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا	جس شخص کے نامہ اعمال میں کثرت کے ساتھ استغفار پایا گیا، اس کے لیے خوشخبری ہے۔
68	والد کا مقام کیا ہے؟	رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ	اللہ تعالیٰ کی رضامندی والد کی رضامندی میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے۔
69	گناہ گاروں میں سے بہترین کون ہیں؟	كُلُّ بَنِيْ آدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ	آدمؑ کی ساری اولاد گناہ گار ہے اور گناہ گاروں میں سے بہترین توبہ کرنے والے ہیں۔
70	اللہ تعالیٰ کے نزدیک اچھی جگہیں کون سی ہیں؟	اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَى اللهِ مَسَاجِدُهَا	اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ جگہیں مسجدیں ہیں۔
71	اللہ تعالیٰ کے نزدیک بری جگہیں کون سی ہیں؟	اَبْغَضُ الْبِلَادِ اِلَى اللهِ اَسْوَاقُهَا	اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ جگہیں بازار ہیں۔
72	مشیر کیسے کردار کا حامل ہو؟	اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ	جس سے مشورہ کیا جائے وہ امانت دار ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

67	مخارج کسے کہتے ہیں؟	مخارج، مخرج کی جمع ہے، جس کے لغوی معنی ہیں: "نکلنے کی جگہ"
68	مخرج کی اصطلاحی تعریف کیا ہے؟	حرف کو ادا کرتے وقت جس جگہ آواز ٹھہرے اور اس سے ایک حرف دوسرے حرف سے جدا ہو جائے، اسے مخرج کہتے ہیں۔
69	مخارج کی کتنی اقسام ہیں؟	مخارج کی دو اقسام ہیں جن کے نام یہ ہیں: 1. مخرج مُحَقَّق، 2. مخرج مُقَدَّر
70	مخرجِ محقق سے کیا مراد ہے؟	جب حلق، لسان اور شفتان کے اجزائے معینہ میں سے کسی معین جگہ پر آواز ٹک جائے تو یہ مخرج محقق ہے۔
71	مخرجِ مقدر سے کیا مراد ہے؟	جب حلق، لسان اور شفتان کے اجزائے معینہ میں سے کسی معین جگہ پر آواز نہ ٹکے جیسے جوف دہن، تو یہ مخرج مقدر ہے۔
72	اصول مخارج کتنے ہیں؟	اصول مخارج پانچ ہیں: 1. حلق، 2. لسان، 3. شفتان، 4. جوف دہن، 5. خیشوم۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

67	رسول اللہ ﷺ طائف میں کتنے دن ٹھہرے؟	آپ ﷺ طائف میں صرف 10 دن ٹھہرے۔
68	طائف والوں کا ردِ عمل کیسا تھا؟	طائف والوں نے آپ ﷺ کو پتھر مارے جس کی وجہ سے آپ ﷺ لہولہان ہو گئے۔
69	سیدہ عائشہؓ سے آپ ﷺ کا نکاح کب ہوا؟	نبوت کے گیارہویں سال۔
70	سیدہ عائشہؓ کی اس وقت عمر کتنی تھی؟	چھ برس۔
71	رخصتی کے وقت سیدہ عائشہؓ کی عمر کتنی تھی؟	نو برس۔
72	آپ ﷺ نے حضرت عائشہ سے نکاح کیوں کیا؟	اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ التکاثر (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ، حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ، كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ، لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ، ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ، ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ

منظوم کلام	تقریر بعنوان اخلاص نیت کی اہمیت
اک اللہ کو ماننے والو حرفِ حق پہچاننے والو مل کر سب قرآن کو کھولو داغِ عصیاں سارے دھولو نار جہنم سے بچ جاؤ رستہ سنت کا اپناؤ دنیا کو توحید سناؤ شرک و بدعت سے بچ جاؤ ایک اللہ کو ماننے والو حرف حق پہچاننے والو سورہ توبہ پڑھ کر دیکھو راہ بدر پر چل کر دیکھو نیکیوں کی جب فصل کٹے گی جنت تیری راہ تکے گی ہاتھوں میں اب تلوار اٹھاؤ پرچم حق کو اونچا اڑاؤ اک اللہ کو ماننے والو حرف حق پہچاننے والو دنیا سے تم شرک مٹاؤ کفر کے سب طاغوت گراؤ موسیٰ بن نصیر بھی تم ہو خالد اور زبیر بھی تم ہو طارق کی تصویر تمہی ہو جرأت کی تحریر تمہی ہو	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَمَا اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ اگرچہ آرزو بھی رکھتی ہے اک مقام مگر ---- خلوص شرطِ اول ہے تکمیلِ مقاصد کے لیے سامعینِ محترم! ہمارے تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔ ہر آدمی کو اس کے اعمال کا ثواب اس کی نیت کے مطابق ہی ملتا ہے۔ اگر نیت اللہ کی رضا کی ہو گی، اگر نیت دیدارِ الٰہی کی ہو گی، اگر نیت آخرت میں کامیابی کی ہو گی، اگر نیت حصول جنت کی ہو گی تو ثواب بھی اتنا ہی زیادہ ملے گا۔ اگر نیت میں فتور ہو گا، اگر اعمال شہرت کے لیے ہوں گے، اگر نیکیاں ریاکاری کے لیے ہوں گی تو یہ ہمارے لیے وبالِ جان ہوں گی۔ پیارے پیغمبر ﷺ کا فرمان ہے: اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ اعمال کی قبولیت کا انحصار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی ہو گی۔ اخلاص ہی وہ چیز ہے جس کی بنا پر اعمال قبولیت کا درجہ حاصل کرتے ہیں۔ اگر نیت میں خلوص نہ ہو تو عبادت ضائع ہو جاتی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمارے اعضاء کی حرکتوں کو نہیں بلکہ ہمارے دل کے خلوص کو دیکھتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ۔ اس لیے کوشش کریں کہ ہر کام خلوصِ نیت سے مزین ہو، ریاکاری، دکھاوے سے پاک ہو، خالص اللہ کی خوشنودی کے لیے ہو تاکہ وہ ہمارے لیے وبالِ جان کی بجائے راحت کا سامان بنے۔ سنا ہے نیت ہو سچی تو راہ کھلتی ہے ---- چلو سفر نہ کریں کم سے کم ارادہ کریں۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

17	بچوں کو بیت الخلاء کے آداب سکھائے جائیں۔	18	بچوں کو مسنون غسل کا طریقہ اور آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 7 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
النساء آیت 1 تا النساء آیت 147 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
93	بچے کی نماز جنازہ کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا، وَّسَلَفًا، وَّأَجْرًا
94	تعزیت کی دعا:	اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهُ مَا اَعْطٰى، وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى
95	تعزیت کی دوسری دعا:	اَعْظَمَ اللّٰهُ اَجْرَكَ وَاَحْسَنَ عَزَاءَكَ وَغَفَرَ لِمَيِّتِكَ
96	میت کو قبر میں اتارتے وقت کی دعا:	بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
97	میت کو دفن کرنے کے بعد کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ ، اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ
98	زیارتِ قبور کی دعا:	اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ (وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ) أَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
73	نمازِ اشراق کسے کہتے ہیں؟	سورج طلوع ہونے کے کچھ دیر بعد جو نفل ادا کیے جاتے ہیں، انہیں نمازِ اشراق کہتے ہیں۔ فرمان نبوی ﷺ ہے: آدمی پر لازم ہے کہ ہر صبح اپنے جسم کے ہر جوڑ کے بدلے صدقہ کرے۔ اشراق کی دو رکعتیں پڑھنے سے یہ صدقہ ادا ہو جاتا ہے۔
74	اِستخارہ کسے کہتے ہیں؟	استخارے کا مطلب ہے: خیر و بھلائی طلب کرنا۔ جب انسان کوئی اہم کام کرنا چاہے جو دین میں جائز بھی ہو تو ایسے موقع پر استخارہ کرنا نبی ﷺ کی سنت ہے۔
75	استخارے کا طریقہ کیا ہے؟	استخارے کا طریقہ یہ ہے کہ توجہ کے ساتھ دو رکعت نفل نماز پڑھیں۔ اس کے بعد دعائے استخارہ کریں۔
76	نمازِ جمعہ کن لوگوں پر فرض ہے؟	ہر عقل مند، بالغ مسلمان مرد پر نمازِ جمعہ فرض ہے۔
77	نمازِ جمعہ کن لوگوں پر فرض نہیں؟	مسافر، مریض، غلام اور عورت پر نمازِ جمعہ فرض نہیں۔
78	نمازِ جمعہ کی فرض رکعتیں کتنی ہیں؟	نمازِ جمعہ کی دو فرض رکعتیں ہیں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث			
قال رسول الله ﷺ			
73	اللہ تعالیٰ کون سی چیز پسند کرتا ہے؟	إِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ	بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔
74	دعا کا کیا فائدہ ہے؟	لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ	دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے۔
75	نیکی کا فائدہ کیا ہے؟	لَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ	نیکی عمر میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔
76	گناہ کا نقصان کیا ہے؟	اِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ	گناہ کی وجہ سے آدمی رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔
77	سچ کی خوبی کیا ہے؟	اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ إِلَى الْبِرِّ	بے شک سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔
78	نیکی کی خوبی کیا ہے؟	اِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ إِلَى الْجَنَّةِ	بے شک نیکی جنت کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھاہفتہ/تجوید

73	مخارج میں دانتوں کے متعلق معلومات کیوں ضروری ہیں؟	اس لیے کہ اکثر حروف کی صحیح ادائیگی میں دانتوں کا بڑا عمل دخل ہے۔اس لیے ان کا جاننا بہت ضروری ہے۔
74	علمِ تجوید کے مطابق دانتوں کی کتنی قسمیں ہیں؟	دانتوں کی تین اقسام ہیں:1.ثنایا2 .رباعی 3. انیاب
75	دانتوں کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟	دانتوں کو عربی میں اسنان کہتے ہیں۔
76	علمِ تجوید میں داڑھوں کی اقسام ذکر کریں؟	داڑھوں کی تین اقسام ہیں: 1.ضواحک 2.طواحن 3. نواجذ
77	داڑھوں کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟	داڑھوں کو عربی میں اضراس کہتے ہیں۔
78	دانتوں کے متعلق نظم سنائیں؟	ہے تعداد دانتوں کی کل تیس اور دو-----ثنایا ہیں چار اور رباعی ہیں دو دو ہے انیاب چار اور باقی رہے بیس-----کہتے ہیں قراء اضراس انہی کو ضواحک ہیں چار، طواحن ہیں بارہ-----نواجذ بھی ہیں ان کے بازو میں دو دو

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

73	اسراء و معراج کا کیا معنیٰ ہے؟	اسراء" سیر "سے ہے،یعنی رات کے وقت زمین پر چلنا اور معراج "عروج" سے ہے،یعنی اوپر چڑھنا۔ مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت المقدس تک اسراء کی اور وہاں سے آسمانوں تک معراج۔
74	اسراء و معراج نبی ﷺ نے کس حالت میں کی؟	بیداری کی حالت میں اپنے جسم کے ساتھ۔
75	نبی ﷺ کو معراج کب ہوئی؟	مشہور قول کے مطابق نبوت کے دسویں سال 27 رجب بمطابق 8 مارچ 620 عیسوی کو۔
76	تمام انبیاء کی امامت کس نے اور کہاں کروائی؟	ہمارے پیارے نبی ﷺ نے بیت المقدس میں امامت کروائی۔
77	معراج میں نبی ﷺ کو دربارِ الٰہی سے کیا تحفہ ملا؟	پچاس نمازیں جو کم کر کے پانچ کر دی گئیں۔
78	معراج میں نبی ﷺ کی مہمان نوازی کس سے کی گئی؟	آپ ﷺ کو معراج میں شراب اور دودھ پیش کیے گئے تھے لیکن آپ ﷺ نے دودھ کو اختیار کیا۔

چھٹا ،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ القارعۃ (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْقَارِعَةُ، مَا الْقَارِعَةُ، وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ، يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ، وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ، فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ، فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ، وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ، فَأُمُّهٗ هَاوِيَةٌ، وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ، نَارٌ حَامِيَةٌ

منظوم کلام	تقریر بعنوان والدین کی عظمت
ہے نام محمد سے عیاں شان محمد جو شان محمد ہے وہ شایان محمد شاہان زمانہ کہاں شاہان زمانہ شاہان زمانہ ہے غلامان محمد ہے حب محمد ہی راہِ حب الٰہی محبوب الٰہی ہے محبان محمد ہوتا ہے رفعنالك ذكرك سے یہ ثابت خود رب محمد ہے ثناخوان محمد دولت ہو کہ اولاد ہو دل ہو کہ جگر ہو عاجز کی ہر اک چیز ہے قربان محمد ہے نام محمد سے عیاں شان محمد جو شان محمد ہے وہ شایان محمد	نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ- وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا یہ سوچ کے ماں باپ کی خدمت میں لگا ہوں---------- اس پیڑ کا سایہ میرے بچوں کو ملے گا سامعین کرام!میں آج جب والدین کے ساتھ بد سلوکی کے واقعات سنتا ہوں تو میرا دل کانپ اٹھتا ہے۔میں سوچنے لگ جاتا ہوں کہ کیا یہ وہی والدین نہیں جنہوں نے ہمیں بولنا سکھایا۔کیا یہ وہی والدین نہیں جنہوں نے خود بھوک کاٹ کر ہمیں کھلایا ہے۔کیا یہ وہی والدین نہیں جنہوں نے ہماری خوشی کی خاطر اپنی خوشیاں قربان کر دیں۔کیا یہ وہی والدین نہیں جنہوں نے محنت کی بھٹی میں جل کر ہمیں پڑھایا۔تو پھر والدین پر اتنا ظلم کیوں؟شاید ہم ان کی عظمت بھول چکے ہیں۔والدین کی عظمت پوچھنی ہے تو رب رحمان سے پوچھو جس نے اپنی توحید کے بعد والدین کے احسان کا حکم دیا ہے۔اگر والدین کی عظمت پوچھنی ہے تو قرآن سے پوچھو جس نے والدین کو اف تک کہنے سے منع کر دیا ہے۔اگر والدین کی عظمت پوچھنی ہے تو حدیث خیر الانام سے پوچھو جس نے والدین کو حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ مستحق قرار دیا ہے۔اگر آج ہم عظمت کے مینار بننا چاہتے ہیں تو ہمیں والدین کی خدمت کو اپنا شعار بنانا ہو گا اور انہیں سر آنکھوں پر بٹھا کر اپنی دنیا کو جنت بنانا ہو گا۔ اے دوست!ماں باپ کے سائے کی ناقدری نہ کر-- دھوپ کاٹے گی بہت جب یہ شجر کٹ جائے گا۔وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

19	بچوں کو مسجد کے آداب سکھائے جائیں۔	20	بچوں کو نماز کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 8 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
النساء آیت 148 تا انعام آیت 82 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
99	خوشخبری کی بات سننے والا کیا کہے؟	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ
100	مہمان کی میزبان کے لیے دعا:	اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ
101	کوئی چیز پلانے والے کے لیے دعا:	اَللّٰهُمَّ أَطْعِمْ مَّنْ أَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ
102	لڑائی کے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا
103	غمگین کی دعا:	اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِیْ إِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّأَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ
104	بے قراری اور اضطراب کے وقت کی دعا:	لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
79	جمعہ کے دن کون سے اعمال کرنے چاہییں؟	جمعہ کے دن زیادہ سے زیادہ درود پڑھنا چاہیے۔ سورہ کہف کی تلاوت کرنی چاہیے اور غسل کر کے، صاف کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر اذان سے پہلے مسجد میں جانا چاہیے۔
80	عید الفطر کسے کہتے ہیں؟	رمضان المبارک کے اختتام پر شوال کی پہلی تاریخ کو مسلمان خوشی کا دن مناتے اور نماز عید پڑھتے ہیں۔ اس دن کو عید الفطر کہتے ہیں۔
81	عید الاضحیٰ کسے کہتے ہیں؟	ذوالحجہ کی دسویں تاریخ کو مسلمان سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی یاد تازہ کرتے ہیں۔ نماز پڑھتے ہیں۔ اللہ کی راہ میں قربانی کرتے اور خوشی مناتے ہیں۔ اس دن کو عید الاضحیٰ کہتے ہیں۔
82	عید الاضحیٰ کے دن سب سے اہم عبادت کون سی ہے؟	قربانی کرنا۔
83	قربانی کا جانور کب ذبح کرنا چاہیے؟	عید الاضحیٰ کی نماز کے بعد ذبح کرنا چاہیے۔ نماز سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں۔
84	نماز عید کی کتنی رکعتیں ہیں؟	دو۔

تیسرا ہفتہ/احادیث			
قال رسول الله ﷺ			
79	اعمال کے نتائج کا دارومدار کس پر ہے؟	إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ	اعمال کے نتائج کا دارومدار اختتام پر ہے۔
80	ہر سنی سنائی بات کرنا کیسا ہے؟	كَفٰى بِالْمَرْءِ إِثْمًا أَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ	انسان کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات بیان کر دے۔
81	کیا شہید کا ہر گناہ معاف کر دیا جاتا ہے؟	يُغْفَرُ اللّٰهُ لِلشَّهِيْدِ كُلَّ ذَنْبٍ إِلَّا الدَّيْنَ	اللہ تعالیٰ شہید کے قرض کے علاوہ تمام گناہ معاف کر دیتے ہیں۔
82	جہنم کس چیز سے ڈھانپی گئی ہے؟	حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ	جہنم کو شہوات کے ساتھ ڈھانپ دیا گیا ہے۔
83	جنت کس چیز سے ڈھانپی گئی ہے؟	حُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ	جنت کو مشقت والے کاموں کے ساتھ ڈھانپ دیا گیا ہے۔
84	کیا قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل ہو گا؟	لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ	قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہو گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

79	ثنایا علیا کسے کہتے ہیں؟	اوپر والے سامنے کے دو دانتوں کو ثنایا علیا کہتے ہیں۔
80	ثنایا سفلی کسے کہتے ہیں؟	نیچے والے سامنے کے دو دانتوں کو ثنایا سفلی کہتے ہیں۔
81	رباعی سے کیا مراد ہے؟	ثنایا کے ساتھ ساتھ ایک ایک اوپر نیچے دائیں بائیں چار دانت رباعی کہلاتے ہیں۔
82	انیاب سے کیا مراد ہے؟	رباعی کے ساتھ ساتھ ایک ایک اوپر نیچے دائیں بائیں چار دانت انیاب کہلاتے ہیں۔
83	ضواحک کسے کہتے ہیں؟	انیاب کے ساتھ ساتھ ایک ایک اوپر نیچے دائیں بائیں چار داڑھوں کو ضواحک کہتے ہیں۔
84	طواحن سے کیا مراد ہیں؟	ضواحک کے ساتھ ساتھ تین تین اوپر نیچے دائیں بائیں چار داڑھوں کو طواحن کہتے ہیں۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

79	یثرب کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے مہاجر کون ہیں؟	سیدنا ابو سلمہؓ۔
80	مشرکین مکہ سے تنگ آکر آپ ﷺ نے کب اور کہاں ہجرت کی؟	نبوت کے تیرہویں سال 12 ستمبر 622 عیسوی بروز جمعرات کو مدینہ کی طرف ہجرت کی۔
81	ہجرت کی رات آپ ﷺ نے اپنے بستر پر کس کو سلایا؟	سیدنا علیؓ کو۔
82	ہجرت کے وقت آپ ﷺ نے کس جگہ اور کتنے دن پناہ لی؟	غارِ ثور میں تین دن پناہ لی، جو مکہ سے تین میل کے فاصلے پر ہے۔
83	ہجرتِ مدینہ میں آپ ﷺ کے ساتھ کون تھا؟	سیدنا ابو بکر صدیقؓ۔
84	غارِ ثور میں آپ ﷺ کی غذا کیا تھی؟	حضرت ابو بکر صدیقؓ کے غلام عامر بن فہیرہ رات کو بکریوں کا دودھ لاتے تھے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ العادیٰت (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا، فَالْمُوْرِيَاتِ قَدْحًا، فَالْمُغِيْرَاتِ صُبْحًا، فَأَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا، فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا، إِنَّ الْإِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ، وَّإِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ، وَإِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ، أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ، وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ، إِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ

منظوم کلام	تقریر بعنوان مساجد کی فضیلت
نبی کی راہ پہ چلن ہو تو نعت ہوتی ہے جو سنتوں سے لگن ہو تو نعت ہوتی ہے نہیں ہے نعت فقط نام شعر گوئی کا عمل مال سخن ہو تو نعت ہوتی ہے فقط زباں ہی نہیں دل بھی ہو غلام ان کا مطیع سارا بدن ہو تو نعت ہوتی ہے جو شخص مدح رسالت کے پھول چنتا ہے حدیث اس کا چمن ہو تو نعت ہوتی ہے جہان بھر میں نفاذ نظام حق کے لئے قبول دار و رسن ہو تو نعت ہوتی ہے یہ شعر و فکر و تخیل کا قافلہ جعفر عمل کی دھن میں مگن ہو تو نعت ہوتی ہے نبی کی راہ پہ چلن ہو تو نعت ہوتی ہے جو سنتوں سے لگن ہو تو نعت ہوتی ہے	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ - بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - وَاَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللهِ اَحَدًا رہ گئے قبروں کے پتھر سجدہ ریزی کے لیے----ہو چکا رخصت دلوں سے مسجدوں کا احترام حضرات ذی وقار! ہر مذہب کی عبادت گاہ ہوتی ہے۔ عبادت گاہ کو لوگوں میں بڑی مقدس جگہ سمجھا جاتا ہے۔ مسلمانوں کی عبادت گاہ مسجد ہے۔ مساجد وہ مقدس جگہیں ہیں جہاں ایمان کا نور ملتا ہے۔ دل کا سرور ملتا ہے۔ روح کا قرار ملتا ہے۔ اسلام کا پیغام ملتا ہے۔ اسلام میں مسجد کو بڑے مقام اور مرتبے سے نوازا گیا ہے۔ کیا مسجد کی یہ فضیلت نہیں کہ اسے اللہ کا گھر کہا گیا ہے وَاَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰهِ، کیا مسجد کی یہ عظمت نہیں کہ اسے اللہ کی پسندیدہ جگہ قرار دیا گیا ہے اَحَبُّ الْبِلَادِ اِلَى اللهِ مَسَاجِدُهَا، کیا مسجد کی یہ رفعت نہیں کہ اسے تعمیر کرنے والے کو ایمان کا سرٹیفکیٹ دیا گیا ہے اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ، کیا مسجد کی یہ شان نہیں کہ اسے بنانے والے کو جنّت میں گھر کی بشارت دی گی ہے مَنْ بَنٰى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ۔ سامعین کرام! مساجد ہر دور میں اسلام کے قلعے رہی ہیں۔ یہاں سے ایمان کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔ یہاں سے توحید کی آواز بلند ہوتی ہے۔ یہاں سے اطاعت رسول کا درس ملتا ہے۔ یہاں سے اجتماعیت کا شعور ملتا ہے۔ اس لیے نبی رحمت نے فرمایا: جسے تم مسجد کی خبر گیری کرتا ہوا دیکھو۔ مساجد کو آباد کرتا ہوا دیکھو۔ مساجد کو پاک صاف کرتا ہوا دیکھو۔ مساجد سے محبت کرتا ہوا دیکھو۔ اس کے لیے ایمان کی گواہی دے دو۔ تو آیئے ہم بھی نمازوں کے ذریعے سے، تعمیر و ترقی کے ذریعے سے، صفائی ستھرائی کے ذریعے سے مساجد کی خبر گیری کر کے اپنے لیے ایمان کی سند حاصل کر لیں۔ مساجد ایمان کے قلعے، مساجد ہیں خدا کے گھر---- اگر چاہت ہے جنت کی مساجد سے محبت کر وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

21	بچوں کو وضو کے احکام سکھائے جائیں۔	22	بچوں کو قرآن کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرۃ القرآن

سمسٹر نمبر 9 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرۃ القرآن
انعام آیت 83 تا اعراف مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ	
105 پریشانی کے وقت کی دعا:	يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ
106 مشکلات کے حل کی دعا:	اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا وَّأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا
107 فکر مندی اور غم سے نجات کی دعا:	اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا
108 قرض سے نجات کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ
109 قرض سے نجات کی دوسری دعا:	اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ
110 قرض واپس کرتے وقت کی دعا:	بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَ مَالِكَ اِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْاَدَاءُ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال	
85 عید کی نماز کس طرح ادا کی جاتی ہے؟	عید کی نماز اس طرح ادا کی جاتی ہے کہ پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے تکبیر تحریمہ کے علاوہ سات تکبیریں کہی جاتی ہیں اور دوسری رکعت میں قراءت سے پہلے پانچ تکبیریں کہی جاتیں ہیں۔ ہر تکبیر کے ساتھ رفع الیدین بھی کیا جاتا ہے۔
86 عیدین کی نماز میں کن سورتوں کا پڑھنا مسنون ہے؟	پہلی رکعت میں سورہ اعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورہ غاشیہ کی تلاوت کرنا مسنون ہے۔ سورہ ق اور سورہ قمر کی تلاوت بھی نبی ﷺ سے ثابت ہے۔
87 عید کی نماز کہاں پڑھنی چاہیے؟	عید کی نماز باہر عید گاہ یا کسی کھلے میدان میں پڑھنی چاہیے۔
88 کیا عید کی نماز مسجد میں پڑھی جاسکتی ہے؟	بارش یا کوئی اور عذر ہو تو عید کی نماز مسجد میں ادا کی جاسکتی ہے۔ بلاوجہ مسجد میں عید کی نماز پڑھنا سنت نبوی کے خلاف ہے۔
89 عید کی نماز کا وقت کب شروع ہوتا ہے؟	سورج طلوع ہونے کے پندرہ یا بیس منٹ بعد عید کی نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ عید الفطر کے مقابلے میں عید الاضحیٰ کی نماز جلدی پڑھنی چاہیے۔
90 نماز کسوف یا نماز خسوف کسے کہتے ہیں؟	سورج یا چاند گرہن کے موقع پر جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے نماز کسوف یا نماز خسوف کہتے ہیں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث		
قال رسول الله ﷺ		
85 کیا چغل خور جنت میں داخل ہو گا؟	لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ	چغل خور جنت میں داخل نہیں ہو گا۔
86 کتے اور تصویر کی نحوست کیا ہے؟	لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِيْرُ	جس گھر میں کتا یا تصویر ہو، اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔
87 آدمی کتنے دن تک ناراض رہ سکتا ہے؟	لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَّهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ	کسی مسلمان بھائی کے لیے جائز نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ ناراض رہے۔
88 تبلیغ کرنے کے لیے کتنا علم ضروری ہے؟	بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً	میری ایک آیت بھی تم تک پہنچے تو اس کو آگے پہنچاؤ۔
89 لوگوں کی عزت کیسے کرنی چاہیے؟	أَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ	لوگوں کو ان کی حیثیت کے مطابق احترام دو۔
90 گناہ ہو جانے کے بعد کیا کرنا چاہیے؟	أَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا	گناہ ہو جانے کے بعد نیکی کرو، نیکی گناہ کو مٹا دے گی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید		
85	نواجذ کسے کہتے ہیں؟	ضواحک کے ساتھ ساتھ ایک ایک اوپر نیچے دائیں بائیں چار داڑھوں کو نواجذ کہتے ہیں۔
86	حلق کے کتنے حصے ہیں، نام ذکر کریں؟	حلق کے تین حصے ہیں: 1.اقصیٰ حلق 2. وسط حلق 3. ادنیٰ حلق
87	اقصیٰ حلق سے کیا مراد ہے؟	حلق کا وہ حصہ جو سینے کے قریب ہے، اس سے "ء، ہ" ادا ہوتے ہیں۔
88	وسط حلق سے کیا مراد ہے؟	حلق کا درمیان والا حصہ، اس سے "ع، ح" ادا ہوتے ہیں۔
89	ادنیٰ حلق سے کیا مراد ہے؟	حلق کا وہ حصہ جو منہ کے قریب ہے، اس سے "غ، خ" ادا ہوتے ہیں۔
90	حلق سے ادا ہونے والے حروف باعتبار مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	حلقیہ

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ		
85	ہجرت کے راستے میں آپ ﷺ کس کے خیمہ کے پاس سے گزرے؟	ام معبد خزاعیہ کے خیمے کے پاس سے۔
86	ہجرت کے راستے میں کون سا دشمن آپ ﷺ تک پہنچ سکا تھا؟	سراقہ بن مالک جعشم۔ یہ بعد میں مسلمان ہو گئے تھے۔
87	مکہ والوں نے نبی ﷺ اور ابو بکرؓ کو پکڑنے کا کیا انعام رکھا تھا؟	ہر ایک کے بدلے 100 اونٹ
88	مدینہ پہنچنے سے پہلے آپ ﷺ نے کہاں اور کتنے دن قیام کیا؟	قبا میں چار دن قیام کیا۔
89	آپ ﷺ نے قبا میں کون سا اہم کام کیا؟	مسجد قبا کی بنیاد رکھی۔
90	نبی ﷺ مدینہ کب پہنچے؟	12 ربیع الاول 27 ستمبر 622 عیسوی بروز جمعۃ المبارک۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الزلزال (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا، وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا، وَقَالَ الْإِنْسَانُ مَالَهَا، يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا، بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحٰى لَهَا، يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ، فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ، وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ

منظوم کلام	تقریر بعنوان وضو مومن کا زیور ہے
وہ ہمارے نبی سرور انبیاء، جن کو اللہ نے دینِ کامل دیا یہ فضائل انہی کے لیے خاص ہیں، رحمتِ عالمیں خاتم الانبیاء دین جو دین فطرت سے اول چلا، اور پھر سارے نبیوں سے ہوتا ہوا آیا جب اس کی تکمیل کا مرحلہ، تو محمد کو مبعوث رب نے کیا فاز فوزا عظیما اگر چاہیے، ان کے اسوہ حسنہ کو اپنایئے ہاں زبانی عقیدت بھی مرغوب ہے، پر ہے مطلوب حق عملاً صالحا معجزہ ان کا زندہ یہ قرآن ہے، جو ہمارے لیے جزو ایمان ہے تا ابد سب کو جس سے ہدایت ملے، وہ کتاب ھدیٰ نسخہ کیمیا ان کی صورت تو دیکھی نہیں ہے مگر، ان کی سیرت پہ قرآن ہے معتبر ہے ہمارے لیے رہبر و رہنما، ان کا ہر اک عمل ان کی ہر اک ادا خلق و خالق کی رکھتے ہوئے کچھ تمیز، کی جے تعظیم و تقدیس اطہر عزیز جب کہ خالق تو خالق ہے رب علیٰ، اور مخلوق مخلوق صلے علیٰ	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ آسانیوں سے پوچھ نہ منزل کا راستہ-----اپنے سفر میں راہ کے پتھر تلاش کر سامعین کرام! وضو نماز کی چابی ہے۔ وضو نماز کی شرط ہے۔ اگر وضو نہیں ہو گا اور نماز سے پہلے پاکیزگی حاصل نہیں کی ہو گی تو نماز بھی قبول نہیں ہو گی۔ دنیوی کام چھوڑ کر اللہ کے آگے سجدہ ریز ہونا کام نہیں آئے گا۔ کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: لَا تُقْبَلُ صَلٰوةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ وضو اور طہارت کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔ وضو کی بڑی فضیلت ہے۔ وضو ایمان کی علامت ہے لَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ۔ وضو گناہوں کی بخشش کا ذریعہ ہے مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ جَسَدِهٖ۔ وضو حصول زیورات کا باعث ہے۔ تَبْلُغُ الْحِلْيَةُ مِنَ الْمُؤْمِنِ حَيْثُ يَبْلُغُ الْوُضُوْءُ۔ وضو قیامت کے دن امتِ محمدیہ کا امتیازی نشان ہو گا اِنَّ اُمَّتِيْ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرًّا مُّحَجَّلِيْنَ مِنْ آثَارِ الْوُضُوْءِ۔ اس لیے ہمیں ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ گرمی کی تپتی دوپہر میں بھی وضو کا اہتمام کرنا چاہیے اور سردی کی ٹھٹھرتی راتوں میں بھی وضو نہیں چھوڑنا چاہیے۔ خوشی کی لذتوں میں بھی وضو کی چاہت رکھنی چاہیے اور غمی کی اذیتوں میں بھی وضو سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔ اللہ ہمیں ہمیشہ باوضو رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ نشیمن پر نشیمن یوں تعمیر کرتا جا---- کہ بجلی گرتے گرتے آپ ہی بیزار ہو جائے۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی			
23	بچوں کو مہمانوں کے حقوق سے آگاہ کریں۔	24	بچوں کو مجلس کے آداب سکھائے جائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 10 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
انفال آیت 1 تا یونس مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
111	چاند دیکھنے کی دعا:	اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَتَرْضٰى رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ
112	افطاری کے وقت کی دعا:	ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ
113	افطاری کرانے والے کے لیے دعا:	أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ
114	مال و دولت خرچ کرنے والے کے لیے دعا:	بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ اَهْلِكَ وَ مَالِكَ
115	دورانِ مجلس کی دعا:	رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ
116	کفارہ مجلس کی دعا:	سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
91	نماز استسقاء کسے کہتے ہیں؟	قحط سالی کے دنوں میں اللہ تعالیٰ سے بارش طلب کرنے کیلئے جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے نماز استسقاء کہتے ہیں۔
92	نماز جنازہ کسے کہتے ہیں؟	میت پر جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے نماز جنازہ کہتے ہیں۔
93	نماز جنازہ کا طریقہ کیا ہے؟	نمازِ جنازہ کا طریقہ عام نماز سے مختلف ہے: اس میں قیام تو ہوتا ہے لیکن رکوع اور سجدہ نہیں ہوتا۔ اس میں چار تکبیریں ہوتی ہیں۔ پہلی تکبیر کے بعد سورۃ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھی جاتی ہے۔ دوسری تکبیر کے بعد درودِ ابراہیمی پڑھا جاتا ہے۔ تیسری تکبیر کے بعد میت کی بخشش کے لیے دعائیں کی جاتی ہیں اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دیا جاتا ہے۔
94	زکوٰۃ کیا ہے؟	مال کی خاص مقدار پر ایک سال گزر جائے تو اس میں سے مخصوص حصہ اللہ کی راہ میں مستحق افراد کو دینا فرض ہے۔ یہی زکوٰۃ ہے۔
95	زکوٰۃ سال میں کتنی مرتبہ فرض ہے؟	ایک مرتبہ۔
96	عشر کسے کہتے ہیں؟	زمین کی پیداوار کا دسواں یا بیسواں حصہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مستحق افراد کو دینا عشر کہلاتا ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث			
قال رسول الله ﷺ			
91	دنیا کی زندگی کیسے گزارنی چاہیے؟	كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ، أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ	اجنبی یا مسافر آدمی کی طرح دنیا میں رہو۔
92	خاوند کے خلاف بیوی کو بھڑکانے والا کیسا ہے؟	لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلٰى زَوْجِهَا	جو کوئی بیوی کو اس کے خاوند کے خلاف بھڑکائے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔
93	مؤمن کو کن برائیوں سے بچنا چاہیے؟	لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيْءِ	مؤمن طعنہ دینے والا، لعنت کرنے والا، بے حیائی کے کام کرنے والا اور فحش زبان نہیں ہوتا۔
94	خاموشی کا کیا فائدہ ہے؟	مَنْ صَمَتَ نَجَا	جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔
95	نرمی کی فضیلت بیان کریں؟	مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ كُلَّهُ	جو نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ ہر خیر سے محروم کر دیا گیا۔
96	کسی قوم کی مشابہت اختیار کرنا کیسا ہے؟	مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ	جو کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے گا، اس کا شمار انہی میں سے ہو گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

91	لسان کے کتنے حصے ہیں، نام لکھیں؟	لسان کے پانچ حصے ہیں: اقصیٰ لسان، وسط لسان، حافہ لسان، طرفِ لسان اور راس لسان۔
92	اقصیٰ لسان کسے کہتے ہیں؟	زبان کا وہ حصہ جو حلق کے قریب ہے۔
93	وسط لسان کسے کہتے ہیں؟	زبان کا درمیان والا حصہ وسطِ لسان کہلاتا ہے۔
94	حافہ لسان کسے کہتے ہیں؟	زبان کا موٹا کنارہ حافہ لسان کہلاتا ہے۔
95	طرفِ لسان کسے کہتے ہیں؟	زبان کا باریک کنارہ طرفِ لسان کہلاتا ہے۔
96	راسِ لسان کسے کہتے ہیں؟	زبان کی نوک کو راسِ لسان کہا جاتا ہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

91	مدینے میں نبی ﷺ نے کس کے ہاں قیام کیا؟	سیدنا ابو ایوب انصاریؓ کے ہاں۔
92	مدینہ پہنچ کر آپ ﷺ نے سب سے پہلے کون سا کام کیا؟	آپ ﷺ نے مسجد نبوی کی تعمیر شروع کی۔
93	مسجد نبوی کہاں تعمیر ہوئی؟	اس جگہ جہاں آپ ﷺ کی اونٹنی بیٹھی تھی۔
94	جس جگہ مسجد نبوی کی تعمیر کی گئی وہ کس کی زمین تھی؟	دو یتیم بچوں سہل اور سہیل بن عمرو کی۔
95	اس زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟	سیدنا ابو بکر صدیقؓ نے۔
96	مسجد نبوی کس چیز سے تعمیر کی گئی؟	کچی اینٹوں، کھجور کے تنوں اور شاخوں سے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ البینۃ(ابتدائی 5 آیات)(حدر)عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ، رَسُوْلٌ مِّنَ اللهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً، فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ، وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ، وَمَا أُمِرُوْا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَاءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ

منظوم کلام	تقریر بعنوان سلام کو عام کرو
میٹھے میٹھے میرے محمد پیارے پیارے میرے محمد دھڑکن دھڑکن ان کی محبت آنکھوں کے تارے میرے محمد میرے محسن میرے رہبر میرے آقا میرے دلبر ان کی باتیں دل مہکائیں بھینی بھینی خوشبو بن کر مہکی مہکی سانسیں میری پرنم پرنم آنکھیں میری میرے لب پہ ہے نام ان کا رب کے دلارے میرے محمد میٹھے میٹھے میرے محمد پیارے پیارے میرے محمد سیدھی سچی راہ دکھائی مجھ کو میری منزل بتائی ان کی راہیں سیدھی سیدھی باقی راہیں کھائی کھائی روشن روشن ان کا رستہ اس رستے سے میں وابستہ جیون میرا دریا دریا اس کے کنارے میرے محمد میٹھے میٹھے میرے محمد پیارے پیارے میرے محمد دھڑکن دھڑکن ان کی محبت آنکھوں کے تارے میرے محمد	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْم اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم-وَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ اگر یہ ضد ہے کہ افشائے سلام نہ ہو-----تو ایسی راہ سے گزرو جو عام نہ ہو حاضرینِ محفل! وہی قومیں آسمانِ ترقی پہ ستاروں کی مانند چمکتی ہیں جو اپنی تہذیب و ثقافت پہ پہرے دیتی ہیں۔ جو قومیں اپنی ثقافت بھلا دیتی ہیں، زوال ان کا مقدر بن جاتا ہے۔ آج امت مسلمہ کے زوال کا سبب بھی یہی ہے کہ ہم نے اپنی تہذیب کے روشن چراغ چھوڑ کر اغیار کی ظلمتوں کا استقبال کیا۔ آج ہماری ملاقاتوں کے آغاز میں "ہیلو، ہائے" کی گونج تو سنائی دیتی ہے مگر السلام علیکم کی صدا نہیں آتی۔ شاید ہم بھول چکے ہیں کہ سلام کہنے کی کتنی فضیلت ہے۔ سلام آغازِ کلام کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ سلام ایک دعا ہے۔ سلام اللہ کا نام ہے اِنَّ مِنْ أَسْمَاءِ اللهِ السَّلَامُ۔ سلام کہنا ایک مسلمان کا حق ہے اِذَا لَقِيْتَهٗ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ۔ سلام کہنا شریعت کا حکم ہے اَفْشُوْا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ۔ سلام کہنا اخوت و محبت کا سبب ہے۔ سلام کہنا عظیم سخاوت ہے اَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ۔ مگر آج ہم سلام سے منہ موڑے ہوئے ہیں۔ ہمارے سکولوں میں بھی سلام اجنبی ہے۔ ہماری عدالتوں میں بھی سلام مفقود ہے۔ ہماری مسجدوں میں بھی سلام کا بحران ہے۔ مگر اب ہم نے اس بحران کو ختم کرنا ہے۔ آیئے! ارادہ کیجیے کہ ہم سلام کو عام کریں گے۔ شاگرد، اساتذہ کو سلام بلائیں گے۔ مقتدی، امام کو سلام کرنے میں پہل کریں گے۔ چھوٹے، بڑوں کو سلام کرنے میں آگے بڑھیں گے اور ہر طرف سلامتی کا پیغام عام ہو گا۔ اس آرزو میں جاؤ سب کی محفل میں-----سلام کہہ کر سلام کو عام کرو۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

25	بچوں کو پڑوسیوں کے حقوق سے آگاہ کریں۔	26	بچوں کو اتحاد و اتفاق کا درس دیں اور ناراضی کے احکام سکھائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 11 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

هود آیت 1 تا النحل آیت 50 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

117	بارش کے حصول کے لیے دعا:	اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَ بَهَآئِمَكَ وَانْشُرْ رَّحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ
118	بارش کے حصول کی دوسری دعا:	اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُّغِيْثًا مَّرِيْئًا مَّرِيْعًا نَّافِعًا غَيْرَ ضَآرٍّ عَاجِلًا غَيْرَ اٰجِلٍ
119	آندھی کے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا
120	بادلوں کے گرجنے کی دعا:	سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ
121	بارش کے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا
122	بارش کے بعد کی دعا:	مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ رَحْمَتِهٖ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

97	فطرانہ کسے کہتے ہیں؟	فطرانہ سے مراد طعام (گندم، چاول، کھجور، میوہ اور جو وغیرہ) کی وہ مقدار یا ان کی قیمت ہے جو رمضان کے اختتام پر کفارے کے طور پر مستحق افراد کو دی جاتی ہے۔
98	فطرانہ کی مقدار کتنی ہے؟	فطرانہ کی مقدار ایک صاع ہے جو تقریباً سوا دو کلو بنتی ہے۔
99	فطرانہ کس پر فرض ہے؟	فطرانہ ہر مسلمان پر فرض ہے، چاہے وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، چھوٹا ہو یا بڑا۔
100	فطرانہ کب ادا کیا جائے؟	عید الفطر کے دن عید گاہ جانے سے پہلے فطرانہ ادا کر دینا چاہیے۔ عید الفطر سے دو تین دن پہلے بھی فطرانہ ادا کیا جا سکتا ہے۔
101	روزہ کسے کہتے ہیں؟	اللہ کی رضا حاصل کرنے کی نیت سے صبح صادق سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور دیگر ممنوع کاموں سے باز رہنا، روزہ کہلاتا ہے۔
102	کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟	رمضان المبارک کے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

97	دکھاوے کے لیے نماز پڑھنا کیسا ہے؟	مَنْ صَلّٰى يُرَآئِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ	جس آدمی نے دکھاوے کے لیے نماز پڑھی تو اس نے شرک کیا۔
98	دکھاوے کے لیے روزہ رکھنا کیسا ہے؟	وَمَنْ صَامَ يُرَآئِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ	جس آدمی نے دکھاوے کے لیے روزہ رکھا تو اس نے شرک کیا۔
99	دکھاوے کے لیے صدقہ کرنا کیسا ہے؟	وَمَنْ تَصَدَّقَ يُرَآئِيْ فَقَدْ اَشْرَكَ	جس آدمی نے دکھاوے کے لیے خرچ کیا تو اس نے شرک کیا۔
100	درود شریف کی فضیلت کیا ہے؟	مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا	جو آدمی مجھ پر درود بھیجے گا، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔
101	نبی ﷺ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنا کیسا ہے؟	مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ	جس آدمی نے میرے اوپر جان بوجھ کر جھوٹ بولا تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔
102	رمضان المبارک کے مہینے کے روزے رکھنے کی جزا کیا ہے؟	مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ	جس شخص نے ایمان کی حالت میں اور ثواب کی نیت سے رمضان المبارک کے روزے رکھے تو اس کے سابقہ سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

97	اقصیٰ لسان سے کتنے اور کون کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟	اقصیٰ لسان سے دو حروف "ق، ک" ادا ہوتے ہیں۔
98	وسطِ لسان سے کتنے اور کون کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟	وسطِ لسان سے تین حروف "ج، ش، ی" ادا ہوتے ہیں۔
99	حافہ لسان سے کتنے اور کون کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟	حافہ لسان سے ایک حرف "ض" ادا ہوتا ہے۔
100	طرفِ لسان سے کتنے اور کون کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟	طرفِ لسان سے تین حروف " ل، ن، ر" ادا ہوتے ہیں۔
101	رأسِ لسان سے کتنے اور کون کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟	رأسِ لسان سے نو حروف "(ط، د، ت)، (ظ، ذ، ث) اور (ص، ز، س)" ادا ہوتے ہیں۔
102	اقصیٰ لسان سے ادا ہونے والے حروف باعتبارِ مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	لھویہ، لھاتیہ

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

97	مدینے میں کتنی قسم کے لوگ تھے؟	تین قسم کے لوگ تھے۔ 1. مسلمان 2. منافق 3. یہود
98	نبی ﷺ نے رشتہ اخوت کن کے درمیان قائم کیا؟	انصار اور مہاجرین کے درمیان۔
99	رشتہ اخوت کس جگہ قائم کیا گیا؟	سیدنا انس بن مالکؓ کے مکان پر۔
100	رشتہ اخوت میں مہاجرین اور انصار کی تعداد کتنی تھی؟	45 مہاجرین اور 45 انصار۔
101	مسلمان پہلے کس طرف منہ کر کے نمازیں پڑھتے ہیں؟	بیت المقدس کی طرف۔
102	بیت المقدس کی طرف منہ کر کے کتنا عرصہ نماز پڑھی گئی؟	سولہ یا سترہ ماہ۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ البینۃ (آخری 3 آیات) (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ۚ أُولٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ، إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ،

جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا ۖ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۚ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ

منظوم کلام	تقریر بعنوان زبان کی حفاظت
ہم پر رحم خدائے باری تو نہ کرے تو کون کرے اپنے بندوں کی دلداری تو نہ کرے تو کون کرے دیں داروں کی جانبداری تو نہ کرے تو کون کرے بے دینوں پر ہیبت طاری تو نہ کرے تو کون کرے پیاسوں پر رحمت فرما کر زم زم تو ہی بہاتا ہے صحراؤں میں چشمے جاری تو نہ کرے تو کون کرے تو نے ہم کو جاں بخشی ہے تو ہی زندگی دیتا ہے خون کو جسم میں جاری ساری تو نہ کرے تو کون کرے اس دنیا کی بے چینی میں یہ بزمی کا ایماں ہے دور ہماری ہر نہ چاری تو نہ کرے تو کون کرے ہم پر رحم خدائے باری تو نہ کرے تو کون کرے اپنے بندوں کی دلداری تو نہ کرے تو کون کرے	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ اللہ نے جو بخشی ہے نعمت زبان کی ----- کرتے رہیں ہمیشہ حفاظت زبان کی حاضرینِ محفل! زبان اللہ کی بڑی عظیم نعمت ہے۔ جہاں اسے درست استعمال کر کے ہم نیکیوں کا ذخیرہ اکھٹا کر سکتے ہیں وہیں اس کے ناجائز استعمال سے جہنم کا ایندھن بھی بن سکتے ہیں۔ اسی لیے تو نبی مکرم ﷺ نے حفاظتِ زبان پر جنت کی بشارت سنائی ہے۔ زبان گناہوں کی جڑ ہے۔ بے شمار گناہ زبان سے سرزد ہوتے ہیں۔ ہم گالی گلوچ کرتے ہیں تو زبان سے، غیبت کرتے ہیں تو زبان سے، کسی کو برے نام سے پکارتے ہیں تو زبان سے، جھوٹ بولتے ہیں تو زبان سے، اسی لیے اسلام میں اس کی حفاظت پر بڑا زور دیا گیا ہے۔ محمد بن واسع زبان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: زبان کی حفاظت درہم و دینار کی حفاظت سے زیادہ سخت ہے۔ حسن بصری کا قول ہے: جس نے اپنی زبان کی حفاظت نہ کی، اس نے اپنے دین کو سمجھا ہی نہیں۔ سیدنا عقبہ بن عامر نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! نجات کس چیز میں ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ زبان کو قابو میں رکھو، نجات پاجاؤ گے۔ ہمارا دور فتنوں کا دور ہے۔ ہر روز نئے فتنے سر اٹھا رہے ہیں۔ اس دور میں زبان کی حفاظت اور بھی اہم ہے۔ اس لیے ہمیں زبان کو درست کاموں میں استعمال کرنا چاہیے اور اس کے فتنوں سے بچنا چاہیے۔ اسی میں ہماری نجات کا سامان ہے۔ محفوظ پھر وہ رہ سکتا نہیں بلاؤں سے ----- نہ ہو زبان جس کی حفاظت میں اپنے۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

27	بچوں کو قربانی کے مسائل اور احکام سکھائیں۔	28	بچوں کو نمازِ عید کا عملی طریقہ سکھائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 12 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن
النحل آیت 51 تا طه مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ		
123	بارش ضرورت سے زائد ہو جائے تو کیا کہا جائے؟	اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالظِّرَابِ، وَبُطُوْنِ الْاَوْدِيَةِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ
124	رزق میں برکت کے لیے دعا:	لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ
125	رات کو کتوں کے بھونکنے کے وقت کی دعا:	أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
126	مصیبت کے وقت نعم البدل مانگنے کی دعا:	اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا
127	ایسے شخص کے لیے دعا جسے گالی یا تکلیف دی ہو:	اَللّٰهُمَّ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهٗ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ لَهٗ قُرْبَةً اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
128	دانت اور کان کے درد کے وقت کی دعا:	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال		
103	روزہ کن لوگوں پر فرض ہے؟	ہر عاقل بالغ مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے۔
104	کیا روزے کے لیے نیت ضروری ہے؟	جی ہاں، روزے کے لیے صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے نیت کرنا ضروری ہے۔
105	روزہ کب افطار کیا جاتا ہے؟	سورج غروب ہونے پر روزہ افطار کیا جاتا ہے۔
106	روزے میں کن کاموں سے پرہیز کرنا ضروری ہے؟	روزے میں اللہ تعالیٰ کی ہر نافرمانی سے بچنا ضروری ہے۔ خاص طور پر کھانے پینے، جھوٹ بولنے، گالی گلوچ، بیہودہ گوئی، لڑائی جھگڑے، گانے سننے اور فلمیں دیکھنے سے۔
107	اعتکاف کسے کہتے ہیں؟	عبادت کی نیت سے دنیاوی معاملات ترک کر کے خاص مدت کے لیے مسجد میں ٹھہرنے کو اعتکاف کہتے ہیں۔
108	نبی کریم ﷺ کب اعتکاف کرتے تھے؟	رمضان کے آخری عشرے میں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث(قال رسول الله ﷺ)			
103	رمضان میں رات کے قیام کا اجر وثواب کتنا ہے؟	مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ	جس شخص نے ایمان کی حالت میں اور ثواب کی نیت سے رات کا قیام کیا، تو اس کے سابقہ سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔
104	اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا کیا تقاضہ ہے؟	مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ	جو آدمی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے تو وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے۔
105	حیا سے عاری آدمی کی مذمت بیان کریں؟	إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ	جب تیرے اندر حیا نہ رہے تو پھر جو تو چاہے وہ کر لے۔
106	بائیں ہاتھ سے کون کھاتا ہے؟	لَا تَأْكُلُوْا بِالشِّمَالِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِالشِّمَالِ	بائیں ہاتھ کے ساتھ نہ کھاؤ کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔
107	قرآن کے پڑھنے والے کو قیامت کے دن کیا فائدہ ہو گا؟	اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهٗ يَأْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفِيْعًا لِّأَصْحَابِهٖ	قرآن مجید پڑھو، کیونکہ قرآن مجید قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے کی سفارش کرے گا۔
108	سورۃ بقرۃ کی تلاوت کا کیا فائدہ ہے؟	اِقْرَؤُوا الْبَقَرَةَ فَإِنَّ أَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَّتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَّلَا تَسْتَطِيْعُهَا الْبَطَلَةُ السَّحَرَةُ	سورۃ بقرۃ پڑھا کرو، کیونکہ اس کو پڑھنا باعث برکت ہے اور اس کو نہ پڑھنا باعث افسوس ہے اور جھوٹے جادوگر اس کے مقابلے کی طاقت نہیں رکھ سکتے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

103	وسطِ لسان سے ادا ہونے والے حروف باعتبارِ مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	شجریہ
104	حافہ لسان سے ادا ہونے والے حروف باعتبارِ مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	حافیہ
105	طرفِ لسان سے ادا ہونے والے حروف باعتبارِ مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	طرفیہ، ذلقیہ
106	رأسِ لسان سے ادا ہونے والے حروف باعتبارِ مخرج کیا کہلاتے ہیں؟	نطعیہ، لثویہ، صفیریہ
107	حافہ کی اقسام ذکر کریں؟	حافہ کی تین اقسام ہیں۔ اقصیٰ حافہ، وسطِ حافہ، ادنیٰ حافہ
108	اقصیٰ حافہ سے کیا مراد ہے؟	حافہ کا وہ حصہ جو نواجذ کے سامنے ہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

103	بیت المقدس کس جگہ ہے؟	فلسطین میں۔
104	مسلمانوں کا قبلہ کون سا ہے؟	بیت اللہ
105	آپ ﷺ نے قبلہ کیوں تبدیل کیا؟	اللہ تعالیٰ کے حکم پر۔
106	بیت اللہ کو قبلہ کب بنایا گیا؟	2 ہجری شعبان المعظم 624 عیسوی میں۔
107	بیت اللہ کس جگہ ہے؟	مکہ مکرمہ میں۔
108	بیت اللہ کے اور کون کون سے نام مشہور ہیں؟	خانہ کعبہ، بیت المکرم، بیت الحرام، مسجد حرام، قبلہ شریف

چھٹا، ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ القدر (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ، لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ، تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِّن كُلِّ أَمْرٍ، سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

منظوم کلام	تقریر بعنوان صلہ رحمی کی فضیلت
آپ کی آمد سے پہلے یہ جہاں کچھ اور تھا یہ زمیں کچھ اور تھی یہ آسماں کچھ اور تھا قیصر و کسریٰ کے درباروں کی رونق مٹ گئی لطف و رحمت میں عرب کا آستاں کچھ اور تھا یہ زمیں کچھ اور تھی یہ آسماں کچھ اور تھا دشمنوں سے کون کہہ سکتا تھا تم آزاد ہو وہ زمانے کے دلوں کا حکمراں کچھ اور تھا یہ زمیں کچھ اور تھی یہ آسماں کچھ اور تھا ساری دنیا کے غریبوں کے سکوں کے واسطے وہ نگہبان سکونِ قلب و جاں کچھ اور تھا یہ زمیں کچھ اور تھی یہ آسماں کچھ اور تھا اہل منطق اور اہل فلسفہ چپ ہو گئے وہ عرب کا ایک امی نکتہ داں کچھ اور تھا یہ زمیں کچھ اور تھی یہ آسماں کچھ اور تھا	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَا اَمَرَ اللهُ بِهٖ اَنْ يُّوْصَلَ اگر لفظ قرابت سے نہ انساں آشنا ہوتا-----نہ کچھ مرنے کا غم ہوتا نہ جینے کا مزہ ہوتا سامعین کرام! اللہ رب العزت کا بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے ہمیں رشتے داروں سے نوازا ہے۔ دکھ سکھ اور غمی خوشی کے موقعوں پر رشتے دار ہی ساتھ نبھاتے ہیں، اس لیے اللہ رب العزت نے ان کے ساتھ صلہ رحمی کا حکم دیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ صلہ رحمی کہتے کسے ہیں؟ صلہ رحمی یہ ہے کہ جو رشتے دار غریب ہوں ان کی مدد کی جائے۔ صلہ رحمی یہ ہے کہ جو رشتے دار گنہگار ہوں ان کی اصلاح کی جائے۔ صلہ رحمی یہ ہے کہ جو رشتے دار بیمار ہوں ان کی عیادت کی جائے۔ صلہ رحمی یہ ہے کہ جو رشتے دار مصیبت میں مبتلا ہوں ان کی دلجوئی کی جائے۔ رشتہ داروں کی غمی خوشی میں شریک ہونا صلہ رحمی ہے۔ اقرباء کے دکھ درد بانٹنا صلہ رحمی ہے۔ عزیزوں کو اطاعتِ الٰہی کا حکم دینا صلہ رحمی ہے۔ قرآن و حدیث میں صلہ رحمی کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ صلہ رحمی ایمان کا تقاضہ ہے: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ۔ صلہ رحمی سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّبْسَطَ لَهٗ فِيْ رِزْقِهٖ وَيُنْسَاَلَهٗ فِيْ اَثَرِهٖ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ۔ صلہ رحمی سے محبت بڑھتی ہے: اِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْاَهْلِ۔ صلہ رحمی دخولِ جنت کا باعث ہے: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ۔ آج ہمارے معاشرے میں صلہ رحمی کا رجحان کم ہو چکا ہے۔ گھر گھر میں لڑائیاں جاری ہیں۔ پل بھر کے غصے سے عمر بھر کی قطع تعلقی ہو رہی ہے۔ ایسے میں لازم ہے کہ ہم صلہ رحمی کو اپنائیں۔ رشتوں کی حفاظت کریں تاکہ معاشرہ امن کی مثال بن جائے۔ بچو تم دشمنی سے اور صلہ رحمی کو اپناؤ-----قرابت کی محبت بدگمانی ہوتی جاتی ہے۔ وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

29	بچوں کو نماز قصر کے احکام سکھائیں۔	30	بچوں کو جمع صلاتین کی صورتیں اور جائز طریقہ سے آگاہ کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 13 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

الانبیاء آیت 1 تا النمل آیت 14 تک

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

129	سواری پر بیٹھنے کی دعا:	بِسْمِ اللهِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ
130	آغازِ سفر کی دعا:	اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى، اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِی الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَاٰبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَهْلِ
131	سواری پھسلنے کی دعا:	بِسْمِ اللهِ
132	سفر سے واپسی کی دعا:	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ، اٰيِبُوْنَ، تَائِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللهُ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ
133	مقیم کی مسافر کے لیے دعا:	أَسْتَوْدِعُ اللهَ دِيْنَكَ، وَأَمَانَتَكَ، وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ
134	مسافر کی مقیم کے لیے دعا:	أَسْتَوْدِعُكَ اللهَ الَّذِیْ لَا تَضِيْعُ وَدَائِعُهٗ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

109	حج کسے کہتے ہیں؟	باقاعدہ نیت کر کے مکہ میں حج کے دنوں میں مقامات حج پر خاص اعمال انجام دینے کو حج کہتے ہیں۔
110	حج کس مہینے میں ادا کیا جاتا ہے؟	ذوالحجہ میں۔
111	حج کن لوگوں پر فرض ہے؟	حج اس عاقل و بالغ مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے جو مکہ مکرمہ پہنچنے کی جانی اور مالی طاقت رکھتا ہو۔
112	حج زندگی میں کتنی مرتبہ فرض ہے؟	ایک مرتبہ۔
113	حج کے اعمال کون سے ہیں؟	احرام باندھنا، بیت اللہ کا طواف کرنا، صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا، عرفات میں ٹھہرنا، مزدلفہ میں رات گزارنا، منیٰ میں ٹھہرنا، جمرات کو کنکریاں مارنا اور قربانی کرنا۔
114	جہاد کی تعریف کریں؟	اسلام کی سربلندی کے لیے جان، مال اور زبان کے ذریعے سے جدوجہد کرنا جہاد کہلاتا ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

109	نفلی نماز کہاں پڑھنی چاہیے؟	اِجْعَلُوْا مِنْ صَلَاتِكُمْ فِیْ بُيُوْتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا	تم اپنی (نفل) نمازیں گھروں میں ادا کرو اور گھروں کو قبرستان نہ بناؤ۔
110	جس گھر میں سورہ بقرہ کی تلاوت کی جائے تو کیا فوائد ملتے ہیں؟	اِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْفِرُ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِیْ تُقْرَأُ فِيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ	جس گھر میں سورۃ بقرۃ پڑھی جاتی ہے، وہاں سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔
111	قاری قرآن کی کیا فضیلت ہے؟	اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ	قرآن مجید کا ماہر قیامت کے دن نیک، معزز فرشتوں کے ساتھ ہو گا۔
112	حیا ہمیشہ کس چیز کا سبب بنتی ہے؟	اَلْحَيَاءُ لَا يَاْتِیْ اِلَّا بِخَيْرٍ	حیا ہمیشہ خیر کا ہی سبب بنتی ہے۔
113	جوابدہ کون ہے؟	اَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْؤُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ	خبردار تم میں سے ہر کوئی جوابدہ ہے اور ہر کسی سے اس کی ذمہ داری کے متعلق سوال کیا جائے گا۔
114	قرآن سے محبت کا کیا فائدہ ہے؟	اِنَّ اللهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَّيَضَعُ بِهٖ آخَرِيْنَ	اللہ تعالیٰ اس کتاب کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو سرفراز فرمائے گا اور اسی کی وجہ سے دوسروں کو ذلیل کر دے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چھوتھاہفتہ/تجوید

109	وسطِ حافہ سے کیامراد ہے؟	حافہ کاوہ حصہ جو طواحن کے سامنے ہے۔
110	ادنیٰ حافہ سے کیامراد ہے؟	حافہ کاوہ حصہ جو ضواحک کے سامنے ہے۔
111	لام کامخرج کیاہے؟	زبان کاکنارہ جب ثنایا،رباعی،انیاب اور ضواحک کے مسوڑھوں سے لگے تو"ل"اداہوتاہے۔
112	نون کامخرج کیاہے؟	زبان کاکنارہ جب ثنایا،رباعی اور انیاب کے مسوڑھوں سے لگے تو"ن"اداہوتاہے۔
113	راکامخرج کیاہے؟	زبان کاکنارہ جب پشتِ زبان کے ساتھ ساتھ ثنایااور رباعی کے مسوڑھوں سے لگے تو"ر"اداہوتاہے۔
114	ط،د،ت کامخرج کیاہے؟	زبان کی نوک جب ثنایاعلیا کی جڑسے لگے تو"ط،د،ت" اداہوتے ہیں۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

109	روزہ اور زکاۃ کب فرض ہوئے؟	روزہ شعبان 2ہجری میں اور زکاۃ شوال 2ہجری میں۔
110	باجماعت عید الفطر کی نماز کب پڑھی گئی؟	2ہجری مطابق 624عیسوی میں۔
111	غزوہ کسے کہتے ہیں؟	جس جنگ میں رسول اللہ ﷺ نے خود شرکت فرمائی ہو،عموماً اسے غزوہ کہاجاتاہے۔
112	سَرِیَّہ کسے کہتے ہیں؟	سَرِیَّہ کی جمع سَرَایَاہے۔وہ فوجی دستہ جسے نبی ﷺ نے روانہ کیاہو لیکن اس میں خود شرکت نہ کی ہو۔
113	غزوات کی تعداد کتنی ہے؟	27یا28بعض نے اس سے بھی کم بیان کی ہے۔
114	سَرَایاکی تعداد کتنی ہے؟	76یا77بعض نے اس سے بھی کم بیان کی ہے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ العلق(ابتدائی 10 آیات) (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ، خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ، اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ، الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ، عَلَّمَ الْإِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ، كَلَّا إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغٰى،

أَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى، إِنَّ إِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى، أَرَأَيْتَ الَّذِیْ يَنْهٰى، عَبْدًا إِذَا صَلّٰى

منظوم کلام

نبی کے گلشن کے پھول پیارے،وہ نور نظر بتول پیارے

حسین ابن علی ہمارے حسین ابن علی ہمارے

زبان نبوی کو چوس کر سیر ہونے والے وہ ابن حیدر

حسین محبوب سید الانبیاء جو ہیں فرد اہل چادر

حسین سردار نوجوانان خلد جگر رسول پیارے

حسین وہ جن کو پیارے آقا نے اپنے شانوں پہ تھا اٹھایا

حسین وہ جن کو ہر صحابی نے اپنے دل میں سدا بٹھایا

ہے مہر والفت کا ایک بندھن صحابہ اور اہلبیت سارے

نبی کے گلشن کے پھول پیارے وہ نور نظر بتول پیارے

تقریر بعنوان مؤذن کی فضیلت

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللهِ

بقا کی فکر کر خود ہی زندگی کے لیے-----زمانہ کچھ نہیں کرتا کبھی کسی کے لیے

مزہ تو تب ہے اس راہ میں جلاؤ چراغ-----جو مدتوں سے ترسی ہو روشنی کے لیے

سامعین محترم!اذان سے محبت قسمت والوں کو ملتی ہے۔کام کاج چھوڑ کر،معاشی ضروریات سے نظریں پھیر کر،آرام وراحت سے دامن چھڑک کر مقررہ وقت پر مسجد پہنچنا اور اللہ کی وحدانیت کا اعلان کرنا کوئی آسان کام نہیں مگر جو بندہ اذان سے دل لگا لیتا ہے تو پھر اللہ بھی اسے رفعتیں عطا کرتا ہے۔اسے مقام ومرتبے سے نوازتا ہے۔جانتے ہو مؤذن کا کتنا مقام ہے؟مؤذن کے لیے مغفرت کی دعا خود نبی کائنات ﷺ نے کی ہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ۔جو بھی چیز مؤذن کی اذان کو سنتی ہے،وہ قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دے گی لَا يَسْمَعُ مَدٰى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَّلَا اِنْسٌ اِلَّا شَهِدَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔مؤذن قیامت کے دن سربلند ہوں گے اَلْمُؤَذِّنُوْنَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔بارہ سال اذان دینے سے مؤذن کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے مَنْ اَذَّنَ اِثْنَتَیْ عَشَرَةَ سَنَةً وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ مؤذن کو ایک بار اذان دینے سے ساٹھ نیکیاں ملتی ہیں كُتِبَ لَهٗ بِتَاْذِيْنِهٖ فِیْ كُلِّ مَرَّةٍ سِتُّوْنَ حَسَنَةً۔ یہ اعزاز ہے مؤذن کا۔یہ مقام ہے مؤذن کا۔یہ شان ومرتبہ ہے مؤذن کا۔اگر آپ بھی یہ مقام ومرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اذان دینے کا اہتمام کیجیے۔اللہ آپ کو بھی اس مقام سے نواز دے گا۔

یہ رتبہ بلند ملا جسے مل گیا-----ہر مدعی کے واسطے دار ورسن کہاں۔وماعلینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

31	بچوں کو صلاۃ تسبیح کا عملی طریقہ سکھائیں۔	32	بچوں کو نماز میں خشوع کے منافی اشیاء کے بارے میں آگاہ کریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 14 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

النمل آیت 15 تا فاطر آیت 14 تک

پہلاہفتہ/ادعیہ مسنونہ

135	سواری خریدنے والے کی دعا:	اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ خَيۡرَهَا وَ خَيۡرَ مَا جَبَلۡتَهَا عَلَيۡهِ وَ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلۡتَهَا عَلَيۡهِ
136	بچوں کو اللہ کی پناہ میں دینے کی دعا:	أُعِيۡذُكَ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّةِ مِنۡ كُلِّ شَيۡطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنۡ كُلِّ عَيۡنٍ لَّامَّةٍ
137	مسلمان اپنی تعریف سننے پر کیا کہے؟	اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذۡنِیۡ بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ، وَاغۡفِرۡلِیۡ مَا لَا يَعۡلَمُوۡنَ، وَ اجۡعَلۡنِیۡ خَيۡرًا مِّمَّا يَظُنُّوۡنَ
138	نومولود کی مبارکباد کن الفاظ سے دی جائے؟	بَارَكَ اللهُ لَكَ فِی الۡمَوۡهُوۡبِ لَكَ، وَشَكَرَتِ الۡوَاهِبَ، وبَلَغَ أَشُدَّهُ، وَرُزِقۡتَ بِرَّهُ
139	نومولود کی مبارکباد سننے والا کیا کہے؟	بَارَكَ اللهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيۡكَ وَ جَزَاكَ اللهُ خَيۡرًا وَ رَزَقَكَ اللهُ مِثۡلَهُ وَ اَجۡزَلَ ثَوَابَكَ
140	بدشگونی سے اظہارِ برأت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ لَا طَيۡرَ اِلَّا طَيۡرُكَ، وَلَا خَيۡرَ اِلَّا خَيۡرُكَ، وَلَا اِلٰهَ غَيۡرُكَ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

115	قتال فی سبیل اللہ کیا ہے؟	اسلام کی سربلندی کے لیے جنگجو کافروں سے لڑنا قتال فی سبیل اللہ ہے۔ یہ جہاد کی اعلیٰ قسم ہے۔
116	اسلام کی چوٹی کس عمل کو کہا گیا ہے؟	جہاد فی سبیل اللہ کو۔
117	قتال فی سبیل اللہ کا طریقہ کیا ہے؟	قتال فی سبیل اللہ کا طریقہ یہ ہے کہ قتال مسلمانوں کے امیر یا کسی اسلامی ملک کے صدر یا وزیر اعظم کی سرپرستی میں ہو۔ ملک کے سربراہ کی موجودگی میں اس کی سرپرستی اور حکم کے بغیر از خود لڑنا جائز نہیں۔ آج کل ہر ملک کی اپنی فوج ہے۔ جس کا باقاعدہ نظام موجود ہے۔ ملک کی فوج کا کمانڈر انچیف ہی جنگ کا حکم دیتا ہے۔
118	دشمن صلح کی درخواست کرے تو کیا کرنا چاہیے؟	دشمن صلح کی درخواست کرے تو اللہ تعالیٰ پر بھروسا کر کے صلح کر لینی چاہیے۔
119	ایمان کیا ہے؟	کسی چیز کو دل سے تسلیم کرنا، زبان سے اقرار کرنا اور اعضاء سے عمل کرنا ایمان ہے۔
120	ایمان کی کتنی شاخیں ہیں؟	ایمان کی ستر سے زائد شاخیں ہیں۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

115	دجال کے فتنے سے بچاؤ کا کیا طریقہ ہے؟	مَنۡ حَفِظَ عَشۡرَ آيَاتٍ مِّنۡ اَوَّلِ سُوۡرَةِ الۡكَهۡفِ عُصِمَ مِنَ الدَّجَّالِ	جو شخص سورہ کہف کی پہلی دس آیتیں یاد کر لے گا وہ دجال (کے فتنے) سے محفوظ رہے گا۔
116	اذان کا جواب کن الفاظ سے دینا چاہیے؟	اِذَا سَمِعۡتُمُ النِّدَاءَ، فَقُوۡلُوۡا كَمَا يَقُوۡلُ الۡمُؤَذِّنُ	جب تم اذان سنو تو اسی طرح کہو جس طرح مؤذن کہتا ہے۔
117	دعا کی قبولیت کے اوقات کون سے ہیں؟	اَلدُّعَاءُ لَا يُرَدُّ بَيۡنَ الۡاَذَانِ وَالۡاِقَامَةِ	اذان اور تکبیر کے درمیان کی گئی دعا رد نہیں کی جاتی۔
118	عصر کی نماز چھوڑنے کا کیا نقصان ہے؟	مَنۡ تَرَكَ صَلَاةَ الۡعَصۡرِ فَقَدۡ حَبِطَ عَمَلُهُ	جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی، یقیناً اس کے عمل برباد ہو گئے۔
119	باجماعت نماز کا کتنا ثواب ہے؟	صَلَاةُ الۡجَمَاعَةِ اَفۡضَلُ مِنۡ صَلَاةِ الۡفَذِّ بِسَبۡعٍ وَّعِشۡرِيۡنَ دَرَجَةً	جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس درجے زیادہ افضل ہے۔
120	بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب کس حالت میں ہوتا ہے؟	اَقۡرَبُ مَا يَكُوۡنُ الۡعَبۡدُ مِنۡ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَاَكۡثِرُوۡا الدُّعَاءَ	بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے، لہذا (اس حالت میں) خوب دعا کرو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

115	ظ،ذ،ث کا مخرج کیا ہے؟	زبان کی نوک جب ثنایا علیا کے کنارے سے لگے تو "ظ،ذ،ث" ادا ہوتے ہیں۔
116	ص،ز،س کا مخرج کیا ہے؟	زبان کی نوک جب ثنایا سفلیٰ کے کنارے سے لگنے کے ساتھ ساتھ کچھ ثنایا علیا کے کنارے سے بھی لگے تو "ص،ز،س" ادا ہوتے ہیں۔
117	ض کا مخرج کیا ہے؟	زبان کی کروٹ جب اوپر (دائیں یا بائیں جانب) والی پانچ داڑھوں کی جڑ سے لگے تو "ض" ادا ہوتا ہے۔
118	شفتان سے کیا مراد ہے؟	دونوں ہونٹوں کو شفتان کہا جاتا ہے۔
119	حروفِ شفویہ کسے کہتے ہیں؟	جو حروف ہونٹوں سے ادا ہوتے ہیں، انہیں شفویہ کہتے ہیں۔
120	حروفِ شفویہ کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟	حروف شفویہ 4 ہیں: ب،ف،م،واؤ

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

115	سب سے پہلے کون سا غزوہ ہوا؟	غزوہ ابواء۔
116	غزوہ ابواء کب پیش آیا؟	2 ہجری میں۔
117	بدر کہاں واقع ہے؟	مدینہ طیبہ سے تقریباً 155 کلومیٹر دور۔
118	جنگِ بدر کب ہوئی؟	رمضان المبارک 2 ہجری میں۔
119	رسول اللہ ﷺ مدینے سے کب روانہ ہوئے؟	12 رمضان المبارک 2 ہجری مطابق 8 مارچ 624 عیسوی۔
120	غزوہ بدر میں مسلمانوں کی کتنی تعداد تھی؟	77 مہاجرین اور 236 انصار اور کل تعداد 313 تھی۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ العلق (آخری 9 آیات) (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰى، أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوٰى، أَرَأَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى، أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللهَ يَرٰى، كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ، نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ، فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ، سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ، كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ

منظوم کلام

اک دن تیرے مکنے سا ایڈا مان نہ کر بندیا
ایتھے وڈے وڈے ہوئے نے تباہ ایڈا مان نہ کر بندیا
کجھ تیرا نہ میرا اے چند گھڑیاں بسیرا اے
ہونا قبراں چے ڈیرا اے ایڈا مان نہ کر بندیا
دور بھین بھرا ہو گئے کدے پتر جدا ہو گئے
آئی موت فنا ہو گئے ایڈا مان نہ کر بندیا
پڑھ قصے جراراں دے منہ ٹٹے تلواراں دے
سر جھکے سرداراں دے ایڈا مان نہ کر بندیا
تیتھوں موت بیگانی نہیں اے محض کہانی نہیں
سدا رہن دی جوانی نہیں ایڈا مان نہ کر بندیا
بھرے شہر میداں ہو گئے کئی قبرستان ہو گئے
اچے محل ویران ہو گئے ایڈا مان نہ کر بندیا
کوئی نظم سنا جعفر جنگے عمل کما جعفر
گل مکدی مکا جعفر ایڈا مان نہ کر بندیا

تقریر بعنوان خودکشی حرام ہے

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ

حادثوں کا کیا ہے یہ تو زندگی کے ساتھ ہیں----ایک سے بچ کر چلو گے دوسرا مل جائے گا

سامعین کرام! جان انسان کو بڑی پیاری ہے۔ انسان اس کی بقا کے لیے ہزاروں جتن کرتا ہے۔ جائز و ناجائز کا امتیاز بھول جاتا ہے۔ کبھی کبھی تو جان بچانے کے لیے ایمان کو قربان کر دیتا ہے لیکن ایک وقت ایسا بھی آتا ہے جب اس جان کی بھی قدر ختم ہو جاتی ہے۔ جب انسان مصیبتوں کے ہاتھوں مجبور ہو جاتا ہے تو پھر خود کو موت کے گھاٹ اتارنے سے بھی نہیں رکتا لیکن اسلام ایسے مشکل حالات میں بھی اس جان کو محفوظ رکھنے کی تاکید کرتا ہے کیونکہ موت و حیات کا خالق اللہ ہے۔ اس نے انسان کی موت کا ایک وقت مقرر کر رکھا ہے۔ جب بندہ خودکشی کرتا ہے تو گویا وہ اللہ کے اختیار کو للکارتا ہے، اس کی تدبیر کو چیلنج کرتا ہے۔ اسی لیے اسلام نے خودکشی کو حرام قرار دیا ہے۔ اسلام میں خودکشی بہت بڑا گناہ ہے۔ خودکشی ایسی موت ہے جو قابلِ نفرت ہے، ایسی موت ہے جو خدا کے ارادے کو چیلنج کرتی ہے، ایسی موت ہے جو جہنم میں لے جانے والی ہے، ایسی موت ہے جو دوزخ کا ایندھن بنانے والی ہے۔ ایسی موت ہے جو قانونِ فطرت کے بھی خلاف ہے۔ اس لیے حالات جیسے بھی سخت ہوں۔ فضا جیسی بھی ناسازگار ہو۔ ظلم کی تند و تیز آندھیاں بھی چل رہی ہوں تو اپنی زندگی سے کبھی مایوس نہ ہوں۔ ظلم کی رات کتنی بھی طویل ہو، امن کی سحر ہو کر رہے گی۔

ڈرو نہ غم کی رات سے، تموّجِ حیات سے----بلا سے سخت ہی سہی یہ امتحاں چلے چلو

وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

33	بچوں کو دعا کے آداب سکھائیں۔	34	بچوں کو مسح کے احکام و مسائل سکھائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرۃ القرآن

سمسٹر نمبر 15 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرۃ القرآن

فاطر آیت 15 تا جاثیہ مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

141	عام جانور یا اونٹ ذبح کرنے کی دعا:	بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ
142	قربانی کا جانور ذبح کرنے کی دعا:	إِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ عَلٰى مِلَّةِ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا ۖ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ إِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۖ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّ أُمَّتِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ أَكْبَرُ
143	نیا پھل دیکھتے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا
144	شرک سے محفوظ رہنے کی دعا:	اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ
145	لوگوں کے شر سے ڈر لگے تو کیا کہے؟	اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ
146	دشمن کے لیے بد دعا:	اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اِهْزِمِ الْأَحْزَابَ. اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

121	کیا اعمال ایمان کا حصہ ہیں؟	جی ہاں، نیک اعمال نماز، زکاۃ، روزہ، حج اور جہاد فی سبیل اللہ وغیرہ ایمان کا حصہ ہیں۔
122	کیا ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے؟	جی ہاں، اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے ایمان میں کمی آتی ہے۔
123	ایمان کے کتنے ارکان ہیں؟	ایمان کے چھ ارکان ہیں۔
124	ایمان کے چھ ارکان کون کون سے ہیں؟	ایمان کے چھ ارکان یہ ہیں: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانا، فرشتوں پر ایمان لانا، اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لانا، اللہ تعالیٰ کے رسولوں پر ایمان لانا، یوم آخرت پر ایمان لانا اور تقدیر پر ایمان لانا۔
125	اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟	اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے: اس امر کا پختہ یقین رکھنا کہ ہر چیز کو پیدا کرنے والا، ہر چیز کا مالک، ہر جان دار کو رزق دینے والا اور اس کائنات کو چلانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ وہی پوشیدہ اور ظاہری باتوں کی حقیقت کو جاننے والا اور ہر کام پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی عبادت کے لائق ہے۔ تمام قسم کی بہترین خوبیاں اور سارے کمالات اس میں ہمیشہ سے ہیں۔ اور وہ ہر عیب، کمزوری اور نقص سے پاک ہے۔
126	توحید کسے کہتے ہیں؟	اللہ تعالیٰ کی رُبوبیت، اُلوہیت اور اسماء وصفات میں کسی کو شریک نہ کرنے کا نام توحید ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

121	سحری کھانے کے کیا فوائد ہیں؟	تَسَحَّرُوْا، فَإِنَّ فِي السُّحُوْرِ بَرَكَةً	سحری کھایا کرو، اس لیے کہ سحری کھانے میں یقیناً برکت ہے۔
122	عمرے کا ثواب کتنا ہے؟	اَلْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِّمَا بَيْنَهُمَا	ایک عمرہ دوسرے عمرے تک درمیانی مدت کے گناہوں کا کفارہ ہے۔
123	حج کا ثواب کتنا ہے؟	اَلْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهٗ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ	حجِ مبرور کی جزا جنت ہی ہے۔
124	دنیا کا بہترین سامان کون سا ہے؟	اَلدُّنْيَا مَتَاعٌ، وَّ خَيْرُ مَتَاعِهَا الْمَرْءَةُ الصَّالِحَةُ	دنیا سازوسامان ہے اور دنیا کا بہترین سامان نیک عورت ہے۔
125	کیا سفر میں نکلنے سے پہلے امیر بنانا چاہیے؟	إِذَا خَرَجَ ثَلَاثَةٌ فِيْ سَفَرٍ فَلْيُؤَمِّرُوْا أَحَدَهُمْ	جب تین آدمی کسی سفر میں نکلیں تو وہ اپنے میں سے کسی ایک کو امیر بنالیں۔
126	دنیا کی مومن کے لیے کیا حیثیت ہوتی ہے؟	اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ	دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کی جنت ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چوتھا ہفتہ/تجوید

121	ب کا مخرج کیا ہے؟	ہونٹوں کے اندرونی حصہ (تری والے حصہ) سے سختی سے "ب" ادا ہوتی ہے۔
122	ف کا مخرج کیا ہے؟	نیچے والے ہونٹ کا شکم (تری والا حصہ) اور ثنایا علیا کا کنارہ، اس سے "ف" نکلتی ہے۔
123	م کا مخرج کیا ہے؟	ہونٹوں کے بیرونی حصہ (خشکی والے حصہ) سے نرمی سے "م" ادا ہوتی ہے۔
124	واؤ کا مخرج کیا ہے؟	دونوں ہونٹوں کو گول کرنے سے "و" ادا ہوتی ہے۔
125	حروفِ مدہ کا مخرج کیا ہے؟	جوفِ دہن (منہ کے خالی حصے) سے حروف مدہ "ا، و، ی" ادا ہوتے ہیں۔
126	ق کا مخرج کیا ہے؟	زبان کی جڑ اور کوے کے بالمقابل تالو سے "ق" ادا ہوتا ہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبیﷺ

121	جنگ بدر میں مسلمانوں کے پاس سامان جنگ کیا تھا؟	2 گھوڑے، 17 اُونٹ، 6 زرہیں اور 8 تلواریں۔
122	جنگ بدر میں کافروں کی تعداد کتنی تھی؟	ایک ہزار۔
123	جنگ بدر میں کافروں کا جنگی سامان کیا تھا؟	100 گھوڑے، 700 اونٹ اور اسلحہ سے مکمل لیس۔
124	جنگ بدر کب شروع ہوئی؟	17 رمضان المبارک 2ھ مطابق 13 مارچ 624ء بروز منگل۔
125	جنگ بدر میں کتنے مسلمانوں نے جامِ شہادت نوش کیا؟	14 مسلمان شہید ہوئے۔
126	جنگ بدر میں کتنے کافر واصل جہنم ہوئے؟	70 قتل ہوئے اور 70 قید۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ التین (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ، وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ، وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِيْنِ، لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ، ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ، إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ، فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ، أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ

منظوم کلام	تقریر بعنوان کامیاب کون؟
وہ سنتا ہے سب کی دعا کر تو دیکھو تم اپنے نصیب آزما کر تو دیکھو سیاہی گناہوں کی دھل جائے دل سے تم آنکھوں سے آنسو گرا کر تو دیکھو وہ ہے حیّ قیوم شہ رگ سے نزدیک مصیبت میں اس کو بلا کر تو دیکھو وہ اللہ تم سے محبت کرے گا نبی سے وفا تم نبھا کر تو دیکھو وہ سنتا ہے سب کی دعا کر تو دیکھو	نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم۔ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ اگر تم چاہتے ہو کامیاب و کامراں ہونا-----تو پھر تھام کر اسلام کی رسی رہنا پڑے گا حاضرینِ مجلس! دنیا میں کامیابی اور کامرانی کا الگ الگ معیار ہے۔ جو جس شعبے سے تعلق رکھتا ہے، اس نے اسی اعتبار سے معیار بنایا ہے۔ طالب علم کی کامیابی امتحان میں پاس ہونا ہے۔ ڈاکٹر کی کامیابی یہ ہے کہ اس کا مطب چلنے لگے۔ وکیل کی کامیابی یہ ہے کہ اس کی وکالت چمکنے لگے۔ ہر شعبے میں کامیابی کا معیار الگ ہے لیکن یاد رکھیے! اللہ کی نظر میں کامیاب وہ نہیں جو اقتدار کی کرسی پہ متمکن ہو۔ کامیاب وہ نہیں جو عالی شان عمارتوں میں رہتا ہو، بلکہ کامیاب وہ ہے جو حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کی آواز پہ لبیک کہتا ہے۔ کامیاب وہ ہے جو جنت میں لے جانے والے اعمال کرتا ہے۔ کامیاب وہ ہے جو نمازوں میں خشوع و خضوع اختیار کرتا ہے اَلَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ۔ کامیاب وہ ہے جو لغویات سے اعراض کرتا ہے وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ۔ کامیاب وہ ہے جو زکوۃ ادا کرتا ہے وَالَّذِیْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ۔ کامیاب وہ ہے جو شرمگاہ کی حفاظت کرتا ہے وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ۔ کامیاب وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے۔ کامیاب وہ ہے جو شریعت کی پابندی کرتا ہے۔ اگر آپ بھی کامیاب بننا چاہتے ہیں تو آپ کو بھی شریعت کے مطابق زندگی بسر کرنا ہوگی اور اطاعت رسول ﷺ کو اوڑھنا بچھونا بنانا ہوگا۔ سربلندی، کامیابی، راحتیں، مسرتیں-----آج بھی ملتی ہیں یہ اطاعت اسلام سے وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

35	بچوں کو سجدہ سہو کے احکام سکھائیں۔	36	بچوں کو سجدہ شکر کے احکام سکھائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس ناظرة القرآن

سمسٹر نمبر 16 ٹوٹل سمسٹر: 16 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: _____ نام مرکز/مسجد: _____

ناظرة القرآن

احقاف تا الناس مکمل

پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

147	دشمن سے ملتے وقت کی دعا:	اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ
148	دشمن سے ملتے وقت کی دوسری دعا:	اَللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ، وَأَنْتَ نَصِيْرِيْ، بِكَ أَجُوْلُ، وَبِكَ أَصُوْلُ، وَبِكَ أُقَاتِلُ
149	بادشاہ کے ظلم وخوف سے بچاؤ کی دعا:	اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، كُنْ لِّيْ جَارًا مِّنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَّأَحْزَابِهٖ مِنْ خَلَائِقِكَ؛ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ يَطْغٰى، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ
150	سرکش شیطانوں کے مکر وفریب سے بچنے کی دعا:	أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَذَرَأَ وَبَرَأَ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ
151	تدبیر الٹ جانے پر بے بسی کی دعا:	قَدَّرَ اللّٰهُ مَا شَاءَ فَعَلَ
152	دنیا وآخرت کی بہتری کے لیے دعا:	رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

127	توحید کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟	توحید کی 3 قسمیں ہیں: 1۔ توحیدِ ربوبیت 2۔ توحیدِ اُلوہیت 3۔ توحید اسماء وصفات
128	توحیدِ ربوبیت کیا ہے؟	یہ عقیدہ رکھنا کہ اللہ تعالیٰ ہی اس کائنات کی ہر چیز کا رب، خالق، رازق، مالک، تدبیر کرنے والا اور انتظام فرمانے والا ہے۔
129	توحیدِ اُلوہیت کیا ہے؟	توحیدِ اُلوہیت کو توحیدِ عبادت بھی کہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عبادت صرف اللہ تعالیٰ ہی کے لیے کی جائے اور اس میں کسی اور کو شریک نہ کیا جائے۔ نیز یہ عقیدہ رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہی حقیقی معبود ہے، اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔
130	توحیدِ اسماء وصفات کیا ہے؟	قرآن وحدیث میں اللہ تعالیٰ کے جو نام، صفات اور کام ثابت ہیں، انہیں اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت مانا جائے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں اور مخلوق کی صفات اور کاموں کے ساتھ مثال وتشبیہ نہ دی جائے، یعنی یہ نہ کہا جائے کہ اللہ تعالیٰ کا فلاں کام، اس کی فلاں صفت اسی طرح ہے جس طرح فلاں آدمی میں یہ صفات پائی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ مثالوں سے پاک ہے۔
131	ہمیں کس نے پیدا کیا؟	ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔
132	اس کائنات کو کس نے پیدا کیا؟	اس کائنات کو اور اس میں موجود ہر چیز کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔

تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول الله ﷺ

127	کیا کسی کا نقصان کرنا جائز ہے؟	لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ	نہ کسی کو نقصان پہنچاؤ نہ نقصان پہنچانے کا ذریعہ بنو۔
128	کیا کوئی مرض لاعلاج ہے؟	لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ	ہر بیماری کا علاج موجود ہے۔
129	کون سی چیز میں اکثر لوگ خسارہ اٹھا رہے ہیں؟	نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ	دو ایسی نعمتیں ہیں جن میں اکثر لوگ خسارے اور گھاٹے میں ہیں: صحت اور فارغ وقت۔
130	اللہ تعالیٰ کس آدمی کو پسند کرتا ہے؟	إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ	بے شک اللہ پرہیز گار، گمنام اور لوگوں سے بے پرواہ آدمی کو پسند کرتا ہے۔
131	بخل کے بارے میں آپ ﷺ کا فرمان کیا ہے؟	اِتَّقُوا الشُّحَّ، فَإِنَّ الشُّحَّ أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ	بخل سے بچو کیونکہ پہلے لوگوں کی ہلاکت کا سبب بخل ہی تھا۔
132	مسجد میں بیٹھنے کا ادب کیا ہے؟	إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ	جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو وہ اس وقت تک نہ بیٹھے جب تک دو رکعت نہ پڑھ لے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

چوتھا ہفتہ/تجوید

127	ک کا مخرج کیا ہے؟	کوے کے بالمقابل ہی منہ کی جانب ذرا ہٹ کر زبان کی جڑ اور تالو سے "ک" ادا ہوتا ہے۔
128	ج، ش، ی کا مخرج کیا ہے؟	زبان کا درمیانی حصہ اور اس کے مقابل تالو سے "ج، ش، ی" ادا ہوتے ہیں۔
129	غنہ کا مخرج کیا ہے؟	غنہ ناک کی جڑ سے ادا ہوتا ہے۔ ناک کی جڑ کو عربی میں خیشوم کہتے ہیں۔
130	زبر کا مخرج کیا ہے؟	منہ کا سیدھا کھلنے اور آواز سے "زبر" ادا ہوتی ہے۔
131	زیر کا مخرج کیا ہے؟	منہ کا نیچے کی طرف کھلنے اور آواز سے "زیر" ادا ہوتی ہے۔
132	پیش کا مخرج کیا ہے؟	ہونٹوں کو گول کرنے اور آواز سے "پیش" ادا ہوتی ہے۔

پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

127	غزوہ بدر کا نتیجہ کیا نکلا؟	مسلمانوں کو عظیم کامیابی نصیب ہوئی۔
128	اُحد کس چیز کا نام ہے؟	ایک پہاڑ ہے جو مدینہ سے تقریباً تین میل دور ہے۔
129	غزوہ احد کب واقع ہوا؟	6 شوال المکرم 3ھ مطابق 26 جنوری 625ء۔
130	غزوہ احد میں کفار کی تعداد کتنی تھی؟	تین ہزار۔
131	غزوہ احد میں کفار کا جنگی ساز و سامان کیا تھا؟	200 گھوڑے، 3000 اونٹ، 1500 عورتوں کے ہودج اور ہر طرح کا جنگی اسلحہ۔
132	غزوہ احد میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟	700 لوگ کیونکہ 300 منافق راستے ہی سے واپس آ گئے تھے۔

چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الم نشرح (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ، وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ، الَّذِيْ أَنْقَضَ ظَهْرَكَ، وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ، فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا، إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا، فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ، وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ

منظوم کلام	تقریر بعنوان اخوت و بھائی چارہ
وہ باغ نبوت کا ہے پھول پیارا	نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ
حسن بن علی فاطمہ کا دلارا	طوفانِ حوادث میں جلانے تو چلا ہوں۔۔۔۔۔ اک مہر و اخوت کا دیا دیکھئے کیا ہو
جناب محمد کی آنکھوں کا تارا	حاضرینِ محفل! نبی مکرم ﷺ کی بعثت سے پہلے یہ دنیا میدانِ جنگ بنی ہوئی تھی۔ لوگ رنگ و نسل کے دائروں میں الجھے ہوئے
حسن بن علی فاطمہ کا دلارا	تھے۔ عداوت کا دور دورہ تھا۔ مختلف قبیلے ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ بچھڑے ہوؤں کو اخوت کی لڑی میں پرو دیا
وہ دست نبی سے غذا کھانے والا	اور اعلان کیا کہ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ اب کوئی کسی سے بغض نہیں رکھے گا۔ عداوت کو دل
وہ رحمت کے گھر پرورش پانے والا	میں جگہ نہیں دے گا۔ پھر تاریخ نے وہ منظر بھی دیکھا جب انصار اپنی بیویوں میں سے بعض کو طلاق دے کر مہاجرین کے ساتھ
وہ صبر و تحمل کو اپنانے والا	نکاح کر دینے کو تیار ہو گئے۔ تاریخ میں اخوت کی اس سے بہترین مثال نہیں ملتی۔
وہ ثابت قدم حق پہ ڈٹ جانے والا	اخوت اس کو کہتے ہیں چبھے کانٹا جو کابل میں۔۔۔۔۔ تو ہندوستاں کا ہر پیر و جواں بے تاب ہو جائے
وہ آل نبی کی کہکشاں کا تارا	لیکن آج ہمارے اندر اخوت کے جذبات سرد پڑ گئے ہیں۔ آج ہم نے اَلْمُسْلِمُ اَخُ الْمُسْلِمِ کا سبق بھلا دیا ہے۔ اخوت اللہ کی عظیم
حسن بن علی فاطمہ کا دلارا	نعمت ہے۔ جس کی ہم ناقدری پے اترے ہوئے ہیں۔ آج ہم میں سے کون ہے جو مسلمان کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتا ہے۔
وہ بحر سخاوت شجاعت کا پیکر	آج ہم میں سے کون ہے جو کسی مسلمان کو کانٹا چبھنے پہ بے چین ہو جاتا ہے۔ آج ہم میں سے کون ہے جس کی مسلمان کو بھوکا
وہ اہل وفا عزم و ہمت کا پیکر	دیکھ کر نیندیں اڑ جاتی ہوں۔ آج ہمیں اپنے رویے تبدیل کرنے ہوں گے، دل میں اخوت کے بیج پھر سے بونا ہوں گے، اور
وہ صلح کا خوگر امانت کا پیکر	مسلمانوں کو ایک دیوار کی مانند ہونے کا ثبوت دینا ہو گا۔
وہ امن و اخوت محبت کا پیکر	ہوس نے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے نوعِ انساں کو------ اخوت کا بیاں ہو جا محبت کی زباں ہو جا
وہ ہر ایک صحابی کی آنکھوں کا تارا	وما علینا الا البلاغ المبین

آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمیاں + دوہرائی

37	بچوں کو کپڑا، جوتا وغیرہ پہننے کے آداب سکھائیں۔	38	بچوں کو سترہ کے متعلق احکام بتائیں۔